Daily PUBLIC KARACHI

روزنامہ پبلک کراچی

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 12 | ہفتہ 17 اکتوبر 2026ء 04 جمادی الاول 1448ھ، صفحات 4 قیمت 5 روپے | شمارہ 206

وزیر خزانہ کی عالمی مالیاتی اداروں سے ملاقاتیں برآمدات میں اضافے پر زور

امریکی محکمۂ خزانہ کی انڈر سیکرٹری برائے بین الاقوامی امور ایرن براؤن سے ملاقات ،اہم امور پر تبادلۂ خیال

IMF پروگرام ، ٹیکس اصلاحات، زرمبادلہ کے ذخائر تقریباً 21.6 ارب امریکی ڈالر تک پہنچنے سے متعلق آگاہ کیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے برآمدات بڑھانے، آئی ٹی برآمدات میں اضافے، پاکستانی معلومات کی عالمی منڈیوں میں مسابقت بہتر بنانے اور قرضوں کی پائیداری کی اہمیت پر زور دیا ہے تاکہ خود مختار کریڈٹ ریٹنگ کے دائرے کی جانب پیشرفت کی جاسکے۔ وزارت خزانہ کے مطابق انہوں نے ان خیالات کا اظہار تھائی لینڈ کے شہر پاٹایا میں ورلڈ بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں کے موقع پر امریکی محکمہ خزانہ کی انڈر سیکرٹری برائے بین الاقوامی امور ایرن براؤن سے ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات میں گورنر سٹیٹ بینک آف پاکستان جمیل احمد بھی ان کے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)



اسلام آباد: وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے سعودی سفیر ڈاکٹر راجیہ قتی البوکامی ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان سعودی عرب کے تحفظ کیلئے شانہ بشانہ کھڑا ہے

شہباز شریف

پاکستان، سعودی عرب ہمیشہ شانہ بشانہ کھڑے رہے ہیں، باہمی دفاعی معاہدہ، مکہ اتحاد دونوں ممالک کے برادرانہ تعلقات میں تاریخی سنگ میل کی حیثیت رکھتے ہیں، وزیر اعظم

حوثی حملوں میں اضافے کی شدید مذمت، مکمل حمایت اور تعاون جاری رکھیں گے، وزیر اعظم پاکستان کا طویل مدتی اقتصادی و مالی معاونت پر سعودی قیادت سے اظہار تشکر

اسلام آباد (نیوز انجلیاں) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان سعودی عرب کی خود مختاری، سلامتی اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کے لیے مملکت کے شانہ بشانہ کھڑا ہے۔ انہوں نے سعودی عرب کے خلاف حوثی حملوں میں حالیہ اضافے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ان حملوں کے نتیجے میں قیمتی جانیں ضائع ہوئیں اور پاکستانی شہریوں سمیت متعدد بے گناہ افراد زخمی ہوئے۔ وزیر اعظم آج (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

کاسٹیبل سے انسپکٹر تک معاوضہ 1 کروڑ 70 لاکھ روپے کر دیا، گورنر KPK

ریلیف پیکیج میں اضافے کا اعلان

ڈی ایس پی، اے ایس پی رینک کے شہداء کا معاوضہ ڈھائی کروڑ ، دوران ڈیوٹی زخمی اہلکاروں کا پیکج 15 لاکھ

پولیس شہداء کے ورثاء کو پلاٹ کی جگہ براہ راست مالی معاونت فراہم کی جائے گی: گورنر فیصل کریم کنڈی کا اعلان

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کے پی پولیس کے شہداء اور زخمی اہلکاروں و اہلزان کے لیے ریلیف پیکج میں بڑے اضافے کا اعلان کر دیا۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ کے پی پولیس میں کاسٹیبل سے انسپکٹر تک معاوضہ شہداء پیکج ایک کروڑ 10 لاکھ سے بڑھا کر ایک کروڑ 70 لاکھ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)



اسلام آباد، پیپز مین سینیٹ، سید یوسف رضا گیلانی یوم اتحاد جرمن کے موقع پر کیک کاٹ رہے ہیں

پنجاب AI دور میں داخل، KPK کے عوام کو اب پتا چلے گا ترقی کسے کہتے ہیں

مریم نواز

پنجاب میں اے آئی لیب بن رہی ہیں، کے پی میں پتھر کا دور ہے، پہلا لانگ مارچ تھا جو اپنی ہی حکومت کے خاتمے پر منتج ہوا، وزیر اعلیٰ پنجاب

پی ٹی آئی کی حکومت کسی نے ختم نہیں کی، مفاد پرست میرے گھر سے بھی ہو تو نہیں سنائی، پنجاب میں حکومت چل کر عوام کے پاس جائی ہے، تقریب سے خطاب

ساہیوال (نمائندہ خصوصی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے یونیورسٹی آف ساہیوال میں گرلز ہوسٹل کی تعمیر اور ٹرسز سکارشپ کی بحالی کے لئے اقدامات کا حکم دیا۔ یونیورسٹی آف ساہیوال میں لیپ ٹاپ اور ہونہار سکالر شپ پکنس تقسیم تقریب میں خطاب کے دوران وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے لیپ ٹاپ اور ہونہار سکالر شپ حاصل کرنے والے طلبہ والدین کو مبارکباد دی اور ہونہار طلبہ کے اساتذہ کرام کو خصوصی خراج تحسین پیش کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج والدین کو خراج تحسین پیش کرنے کا دن ہے، جن کی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

ڈائریکٹر حکمہ موسمیات پاکستان عالمی موسمیاتی تنظیم میں مستقل مندوب مقرر

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) محکمہ موسمیات کے ڈائریکٹر جنرل محمد افضال کو عالمی موسمیاتی تنظیم میں پاکستان کا مستقل نمائندہ مقرر کر دیا گیا محمد افضال عالمی موسمیاتی تنظیم کا ونگ ایم او میں پاکستان کے مستقل نمائندے کی حیثیت سے نئی ذمہ داریاں سنبھالیں گے۔ تقرری پاکستان کی عالمی موسمیاتی تنظیم میں نمائ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

لندن میں دو نقاب پوشوں نے نواز شریف کی گاڑی کے شیشے توڑ دیے

بچی اسکولوں کی حالت زار سے متعلق مریم نواز پہلے ہی کام کر رہی ہیں، نواز شریف

لندن (خصوصی رپورٹر) لندن میں ایون فیلڈ کے باہر دو نقاب پوش افراد نے سابق وزیر اعظم نواز شریف کی گاڑی کے شیشے توڑ دیے۔ پولیس نے واقعہ کی سی سی ٹی وی ویڈیو تحویل میں لے لی، نواز شریف کی بیٹیوں کے ساتھ یہ تیسرا واقعہ پیش آیا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے نواز شریف نے کہا کہ پشاور میں اسکول کی چھت گرنے کا واقعہ افسوسناک ہے۔ نواز شریف نے کہا کہ پنجاب میں بچی اسکولوں کی حالت زار سے متعلق مریم نواز پہلے ہی کام کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان دہشت گردی کے مسئلے کا سامنا کر رہا ہے اور اس (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

بلدیاتی انتخابات کا فوری الیکشن شیڈول جاری کرنے کا فیصلہ

گہری دھند اور سخت سرد موسم کی وجہ سے الیکشن اپریل میں کرانا چاہتی ہے

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) الیکشن کمیشن نے پنجاب اور کنٹونمنٹ میں بلدیاتی انتخابات کا فوری طور پر الیکشن شیڈول جاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ پنجاب اور کنٹونمنٹس میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد سے متعلق چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی زیر صدارت اجلاس ہوا۔ الیکشن کمیشن حکام نے بتایا کہ پنجاب حکومت دسمبر میں گہری دھند اور سخت سرد موسم کی وجہ سے الیکشن اپریل میں کرانا چاہتی ہے۔ الیکشن کمیشن نے حکومت پنجاب کے جواب کو غیر تسلی بخش قرار دیتے ہوئے کہا کہ پنجاب حکومت نے پنجاب میں بلدیاتی انتخابات (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

قوم آپ کی مقروض، بیٹے کی قربانی کی بدولت ہم محفوظ ہیں

میجر سعد بن زبیر شہید کے والد کے ٹویٹ پر خواجہ آصف کا ردعمل

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وزیر دفاع خواجہ آصف نے میجر سعد بن زبیر شہید کے والد کے پیغام کو ری ٹویٹ کرتے ہوئے شہید اور ان کے اہل خانہ کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ میجر سعد بن زبیر شہید کے والد محمد زبیر خان نے اپنے بیٹے کی تصاویر شیئر کرتے ہوئے قرآنی آیت کا حوالہ دیا کہ اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے جائیں انہیں مردہ مت کہو، بلکہ وہ زندہ ہیں لیکن تمہیں شعور نہیں (سورۃ البقرہ، آیت 154)۔ شہید کے والد کے اس پر صبر پیغام کا جواب دیتے ہوئے وزیر دفاع خواجہ آصف نے ایکس پر اپنے پیغام میں کہا کہ قوم آپ کی ہمیشہ احسان مند رہے گی اور آپ کے بیٹے کی عظیم قربانی کا نتیجہ ہے کہ آج ہم محفوظ ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ آپ پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے۔ آمین



اسلام آباد، احسن اقبال قدرتی آفات پر مبنی معاشرہ کی تعمیر سے متعلق کنوکیشن میز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے

گورنر شپ نہ ملنے پر سیاسی جماعت کے سربراہ شدید ناراض ہیں، محسن نقوی

ایسے سیاستدانوں کو انگلیاں اٹھانا زیب نہیں دیتا جو ماضی میں دہائیوں تک اسٹیبلشمنٹ کے سہارے سیاست کرتے رہے

سیاسی اختلاف اپنی جگہ، لیکن غیر شائستہ زبان اور الزام تراشی کے بجائے دلائل اور حقائق کی بنیاد پر بات ہونی چاہیے

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ گورنر راج میں حصہ اور گورنر شپ نہ ملنے پر ایک سیاسی جماعت کے سربراہ شدید ناراض ہیں، ایسے سیاستدانوں کو دوسروں پر انگلیاں اٹھانا زیب نہیں دیتا جو ماضی میں بھی دہائیوں تک اسٹیبلشمنٹ کے سہارے سیاست کرتے رہے۔ لاہور میں صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ پوری پاکستان میں جو اپنی سیاسی جماعت کے ہوائی ٹکٹ بھی اسٹیبلشمنٹ سے بنواتے تھے۔ سیاسی اختلاف اپنی جگہ لیکن غیر شائستہ زبان اور الزام تراشی کے بجائے دلائل اور حقائق کی بنیاد پر بات ہونی چاہیے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ بعض سیاسی رہنماؤں کو آج سانحہ ٹانا کے اضلاع کے وسائل کے معاملے پر بہت تشویش ہو رہی ہے، لیکن جب کئی سال تک ان اضلاع کو ان کا جائز حصہ نہیں مل رہا تھا تو یہ لوگ خاموش کیوں تھے؟ اس و (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)



گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی دیر کالونی میں سکول کی چھت گرنے کے افسوسناک واقعے سے متعلق گورنر ہاؤس میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اساتذہ کی ذمہ داری، کردار سازی بنیادی اہمیت رکھتے ہیں، احسن اقبال

ترقی کا معیار محض معاشی اعداد و شمار، سڑکوں، ڈیموں اور عمارتوں کی تعمیر نہیں

قوم کے اخلاقی کردار اور معاشرتی اقدار کی مضبوطی بھی ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ پائیدار قومی ترقی کے لیے دیانت داری، اخلاقیات، ذمہ داری کے فروغ کے حوالے سے منعقدہ کنول میز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ اداروں کی مضبوطی اور اجتماعی ذمہ داری پر مبنی معاشرے کی تشکیل ناگزیر ہے، ترقی کا معیار محض معاشی اعداد و شمار، سڑکوں، ڈیموں اور عمارتوں کی تعمیر نہیں بلکہ قوم کے اخلاقی کردار اور معاشرتی اقدار کی مضبوطی بھی ہے۔ اقدار پر مبنی معاشرے کے قیام، کردار سازی، باہمی اعتماد اور اجتماعی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

انتخابی اصلاحات سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کی تشکیل کی تحریک قومی اسمبلی سے منظور

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) قومی اسمبلی اجلاس میں انتخابی اصلاحات سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کی تشکیل کی تحریک قومی اسمبلی سے منظور کر لی گئی۔ قومی اسمبلی اجلاس کا ڈپٹی اسپیکر نعلم مسعطفی شاہ کی زیر صدارت ہوا جس میں انتخابی اصلاحات سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کی تشکیل کی تحریک قومی اسمبلی میں پیش کر دی گئی۔ قومی اسمبلی نے تحریک متفقہ طور پر منظور کر لی، تحریک وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

پاکستان سعودی عرب کے درمیان 75 سالہ سفارتی تعلقات

چیئرمین سینیٹ کا دوطرفہ تعاون مزید مضبوط بنانے پر زور

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پیپز مین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے پاکستان اور جرمنی کے درمیان اقتصادی تعاون، سرمایہ کاری، تعلیم اور پارلیمانی روابط کو مزید فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات کے 75 سال باہمی طور پر مفید اور مستقبل پر مبنی شراکت داری کے لیے مضبوط بنیاد فراہم کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جرمنی کے قومی دن کے سلسلے میں اسلام آباد میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں جرمنی کی سفیر اینا لیمل، سفارت کاروں اور دیگر معزز شخصیات بھی شریک تھے۔ پیپز مین سینیٹ نے پاکستان کی پارلیمنٹ، حکومت اور عوام کی جانب سے جرمن قیادت اور عوام کو سہارا کہا پیش کی۔ انہوں نے جرمن یوم اتحاد کو قومی یکجہتی، استقامت اور مشترکہ خوشحالی کی علامت قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور جرمنی کے درمیان دوستانہ تعلقات باہمی احترام، اعتماد اور تعاون پر استوار ہیں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

رواں سال اغوا کے 491، جنسی زیادتی کے 177 مقدمات درج

254 ملزمان میں سے 168 گرفتار، جبکہ 89 مفرور ہیں، وزارت داخلہ

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) سینیٹ اجلاس میں وزارت داخلہ کی جانب سے تحریری جواب پیش کیا گیا جس میں وفاقی دارالحکومت میں 2026 کے دوران اغوا، قتل، جنسی زیادتی، ڈکیتی اور گاڑی چوری کے مقدمات کی تفصیلات فراہم کی گئیں۔ تحریری جواب کے مطابق اسلام آباد میں رواں سال اغوا کے 491 مقدمات درج ہوئے، جن میں ملزمان 438 میں سے 106 کو گرفتار کیا گیا، جبکہ 327 ملزمان مفرور ہیں۔ وزارت داخلہ کے مطابق جنسی زیادتی کے 177 مقدمات درج ہوئے، جن میں ملزمان 254 میں سے 168 گرفتار کر لیے گئے جبکہ 89 مفرور ہیں۔ تحریری جواب میں بتایا گیا کہ اسلام آباد میں رواں سال ڈکیتی کے 723 مقدمات درج ہوئے، جن میں ملزمان 1652 میں سے 510 کو گرفتار کیا گیا جبکہ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)



اسلام آباد، وفاقی وزیر اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

PTI اگر اب بھی اپنا آئینی و قانونی کردار نبھائے تو سوچا جا سکتا ہے، رانا ثنا

اپوزیشن کے اپنے رویوں کی وجہ سے ان کا نقصان ہو رہا ہے، ہمیں خود افسوس ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کو نظر بند کرنا پڑا

سب کو علم ہے کہ پی ٹی آئی سوشل میڈیا مافیا کیسی گفتگو کرتا رہا، صوبائی، مرکزی حکومت کی ایک پالیسی نہ ہوئی تو ملک کو خطرہ ہے

اسلام آباد (نیوز انجلیاں) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا کہ عمران خان جب وزیر اعظم تھے تو انہوں نے اپوزیشن لیڈر کو فون تک نہیں کیا، موجودہ وزیر اعظم جب بھی ایوان آتے ہیں، اپوزیشن لیڈر سے ہاتھ ملاتے ہیں، اپوزیشن کے اپنے رویوں کی وجہ سے ان کا نقصان ہو رہا ہے، پی ٹی آئی اگر اب بھی اپنا آئینی و قانونی کردار نبھائے تو سوچا جا سکتا ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ہمیں خود افسوس ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کو نظر بند کرنا پڑا، سب کو علم ہے کہ وہ لانگ مارچ سے متعلق کیا گفتگو کیا کرتی تھیں، عمران خان کی بہنوں نے پیغامات دینے کہ گورنر ہاؤس پر چڑھائی کر دو، صوبہ جمال کو کنٹرول کرنے کھلے نظر بندی مجبوری تھی۔ وزیر اعظم کے مشیر نے کہا کہ سب کے علم میں ہے کہ پی ٹی آئی کا سوشل میڈیا مافیا کس قسم کی گفتگو کرتا رہا ہے۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ اگر وہ آئینی و (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)



وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف ساہیوال میں پہلے مریم نواز سپورٹس ایرینا کا افتتاح 10 نئے ماڈل ایگری فیچر مال پراجیکٹ کا سنگ بنیاد رکھ رہی ہیں

پاکستان میں سیاحوں کی آمد کے حوالے سے تفصیلات قومی اسمبلی میں پیش

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پاکستان میں سیاحوں کی آمد کے حوالے سے تفصیلات قومی اسمبلی میں پیش کر دی گئیں۔ جمعہ کو قومی اسمبلی کا اجلاس ڈپٹی اسپیکر نعلم مسعطفی شاہ کی زیر صدارت شروع ہوا، جس میں وقفہ سوالات کے دوران وزارت ہیں السوہائی رابطہ نے پاکستان آنے والے غیر ملکی سیاحوں کی تفصیلی اعداد و شمار ایوان میں پیش کیے۔ وزارت ہیں السوہائی رابطہ کے مطابق گزشتہ 2 سال کے دوران کل 43 لاکھ غیر (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

نائب وزیر اعظم اسحٰق ڈار کی زیر صدارت اجلاس

ایس سی او سربراہان مملکت کی کونسل کے سربراہ اجلاس کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا

تمام تیاریاں باہمی رابطے اور بروقت انداز میں مکمل کی جائیں، نائب وزیر اعظم

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے سربراہان مملکت کی کونسل کے سربراہ اجلاس کی تیاریوں کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس ہوا۔ جمعہ کو وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے سربراہان مملکت کی کونسل کا اجلاس 2027 میں اسلام آباد میں پاکستان کی میزبانی میں ہوگا۔ اجلاس میں وزیر اعظم کے معاون خصوصی طارق باجوہ، سینئر ڈی دفاع، پیپز مین سی ڈی اے اور متعلقہ وزارتوں کے سینئر حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں سربراہ اجلاس کے انتظامات پر بریفنگ دی گئی۔ گزشتہ اجلاس میں کیے گئے فیصلوں پر عملدرآمد کا جائزہ لیا گیا۔ نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ نے سربراہ اجلاس کو کرغز ممالک کے ساتھ روابط مزید مضبوط بنانے اور علاقائی ترجیحات کو آگے بڑھانے کا ایک اہم موقع قرار دیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ اجلاس کے کامیاب اور خوش (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

دہشتگردی پر کنٹرول کے بعد نظام صوبائی حکومت کے حوالے کر دیا جائیگا، فضل طارق

وزیر اعظم نے اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت دی ہے، جو اب اختلاف بامقصد بات چاہتی ہے تو خوش آمدید کہتے ہیں

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے آئینی تقاضوں کی تکمیل ہو چکی ہے: وفاقی وزیر کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور فضل چوہدری کا کہنا ہے خیبر پختونخوا میں دہشتگردی پر کنٹرول کے بعد نظام صوبائی حکومت کے حوالے کر دیا جائے گا۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فضل چوہدری کا کہنا تھا وزیر اعظم نے اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت دی ہے، وزیر اعظم نے خود اپوزیشن لیڈر سے کہا کہ بیٹھیں بات کریں، بامقصد مذاکرات کے لیے حکومت کے دروازے کھلے ہیں، اپوزیشن بامقصد بات چیت کرنا چاہتی ہے تو انہیں خوش آمدید کہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے آئینی تقاضوں کی تکمیل ہو چکی ہے، خیبر پختونخوا میں اب تیسرا مرحلہ شروع ہو چکا ہے جس کے لیے ایمرجنسی لگائی گئی تھی۔ وفاقی وزیر کا کہنا ہے کہ خیبر پختونخوا سے دہشتگردی کا مکمل خاتمہ اور دائمی امن کا قیام مقصد ہے۔ دہشتگردی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)



اسلام آباد، پیپز مین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر سے اراکین اسمبلی بات چیت کر رہے ہیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر ڈاکٹر مصدق ملک تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

سانحہ پشاور کے شہید بچوں کی غائبانہ نماز جنازہ مال روڈ پر ادا کی گئی

33 معصوم بچوں کے لہو کا حساب کون دے گا؟' چوہدری حمید الحسن گجر

لاہور (خصوصی رپورٹر) مرکزی مسلم لیگ لاہور کے زیر اہتمام سانحہ پشاور کے شہید بچوں کی مال روڈ پر غائبانہ نماز جنازہ ادا کی گئی، جس کی امامت مرکزی مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری چوہدری حمید الحسن گجر نے کی۔ نماز جنازہ میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد، سیاسی رہنماؤں اور کارکنان نے شرکت کی اور شہداء کے لیے دعائے مغفرت کی۔ اس موقع پر چوہدری حمید الحسن گجر نے کہا کہ معصوم بچوں کی شہادت پوری قوم کا سانحہ ہے، جسے کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ 34 معصوم بچوں کے لہو کا حساب کون دے گا؟۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کی جانوں کا تحفظ ریاست اور معاشرے کی بنیادی ذمہ داری ہے اور ایسے واقعات کے ذمہ داروں کا احتساب ہونا چاہیے۔ ترجمان مرکزی مسلم لیگ نے کہا کہ سانحہ کا بدلہ ہوا سانحہ پشاور، ایسے واقعات (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)



اسلام آباد، وفاقی وزیر ڈاکٹر مصدق ملک تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

لاہور ہائیکورٹ کا بغیر نوٹیفکیشن بسنت کو چیلنج کرنے پر برہمی کا اظہار

نوٹیفکیشن کے بغیر بسنت کو کیسے چیلنج کر دیا گیا، اعتراض کیوں نہیں لگایا گیا

لاہور (خصوصی رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے بسنت 2027 کے 10 روزہ انعقاد کے خلاف نوٹیفکیشن لاگو کیے بغیر درخواست دائر کرنے پر برہمی کا اظہار کیا جبکہ عدالت کے اعتراضات کے بعد درخواست گزار کے وکیل نے درخواست واپس لے لی جس پر عدالت نے درخواست نمٹا دی۔ لاہور ہائیکورٹ کے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

پاکستان 2027ء میں ورلڈ بینک گروپ، IMF بورڈز آف گورنرز کی سربراہی کریگا

احد چیمہ دونوں اداروں کے بورڈز آف گورنرز کے آئندہ چیئرمین نامزد، اعلان بنکاک اجلاسوں کے پلینری سیشن میں کیا گیا


وفاقی وزیر احد چیمہ کی ڈبلیو بی جی کی نائب صدر، کارپوریٹ سیکریٹری سے ملاقات، ادارہ جاتی معاونت، رابطہ کاری پر گفتگو

اسلام آباد/بنکاک (نیوز انجلیاں) وفاقی وزارت اقتصادی امور نے کہا ہے کہ پاکستان 2027 میں ورلڈ بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے بورڈز آف گورنرز کی سربراہی کرے گا۔ وزیر اقتصادی امور احد چیمہ کو 2027 کے لیے دونوں اداروں کے بورڈز آف گورنرز کا آئندہ چیئرمین نامزد کر دیا گیا۔ وزارت اقتصادی امور کے مطابق یہ اعلان بنکاک میں ورلڈ بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں کے پلینری سیشن میں کیا گیا۔ پاکستان 1953 کے بعد پہلی مرتبہ ورلڈ بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے بورڈز آف گورنرز کی سربراہی کرے گا۔ وزیر اقتصادی امور احد چیمہ کو 2027 کے لیے دونوں اداروں کے بورڈز آف گورنرز کا آئندہ چیئرمین نامزد کیا گیا ہے۔ اجلاس کے موقع پر وفاقی وزیر احد چیمہ کی ڈبلیو بی جی کی نائب صدر، کارپوریٹ سیکریٹری اور ادارہ جاتی معاونت، رابطہ کاری پر بریفنگ دی۔ اجلاس کے مطابق (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)



پشاور، نجی سکول کی چھت گرنے جاں بحق طلباء کی مغفرت کی دعائیں کی جا رہی ہیں

Scanned with CamScanner



ادارتی صفحہ

خیبر پختونخوا: اب نتائج دینے کی باری ہے

وزیراعظم شہباز شریف نے خیبر پختونخوا میں دہشت گردی اور بے روزگاری کے خاتمے کا عزم ظاہر کیا ہے۔ پارلیمانی پارٹی سے خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ صوبے میں ایمرجنسی نافذ کرنے کا فیصلہ مجبوری میں کرنا پڑا، جبکہ ان کے مطابق لانگ مارچ بہتر ہوتی ہوئی معیشت کو تباہ کرنے کی سازش تھی۔ پاکستان بھی برسوں سے بحران در بحران کا شکار ہے۔ کبھی دہشت گردی معیشت کو نگلنے لگتی ہے، کبھی سیاسی کشیدگی سرمایہ کاری کے امکانات محدود کر دیتی ہے، کبھی مہنگائی عوام کی قوت خرید چھین لیتی ہے اور کبھی بے روزگاری نوجوانوں کو مایوسی کی طرف دھکیل دیتی ہے۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ ایک بحران کا مالیاتی حل حواس کرتے ہوئے ہم دوسرے بحران کی بنیاد رکھ دیتے ہیں۔ خیبر پختونخوا کی صورت حال اس طرز حکمرانی کی ایک اہم مثال ہے۔ صوبے میں دہشت گردی کا خطرہ کوئی نیا مسئلہ نہیں۔ اس کے تاریخی، جغرافیائی، علاقائی اور سیاسی عوامل ہیں۔ افغانستان کی صورت حال، سرحد پار مسلح گروہوں کی سرگرمیاں، مقامی انتظامی کمزوریاں اور عوام کا ریاستی اداروں پر اعتماد، یہ سب معاملات ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ ایسے مسئلے کا حل صرف بیانات یا سیاسی مخالفین پر الزامات سے ممکن نہیں۔ اس کے لیے وفاق اور صوبے کے درمیان تجویز، تعاون، واضح حکمت عملی اور مسلسل سیاسی رابطہ ضروری ہے۔ اگر صوبائی حکومت اور وفاقی حکومت کے درمیان سیاسی اختلافات اتنے شدید ہو جائیں کہ دہشت گردی کے خلاف مشترکہ حکمت عملی متاثر ہونے لگے تو اس کا نقصان کسی ایک جماعت کو نہیں، پورے صوبے کو ہوتا ہے۔

پی ٹی آئی کی صوبائی حکومت کی ذمہ داری تھی کہ وہ امن و امان کے معاملے پر وفاق کے ساتھ تعاون کے تمام ممکنہ راستے کھلے رکھتی۔ اسی طرح وفاقی حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے اختیارات استعمال کرتے ہوئے سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر صوبے کے عوام کے تحفظ اور آئینی حقوق کو مقدم رکھے۔ کسی ایک فریق کی کوتاہی دوسرے فریق کو ہر قسم کی جواب دہی سے آزاد نہیں کر دیتی۔ اس وقت خیبر پختونخوا میں بے روزگاری 2.9 فیصد، بلوچستان میں 4.5 فیصد، پنجاب میں 1.7 فیصد اور سندھ میں 1.5 فیصد ہے۔ یہ اعداد و شمار واضح کرتے ہیں کہ خیبر پختونخوا میں مسئلہ غیر معمولی سنگین ہے۔ یہ صورت حال بتاتی ہے کہ محض سیاسی بیانات کافی نہیں، بلکہ ایسی پالیسی درکار ہے جو تشدد کے اسباب کو کم کرے اور شہریوں کو تحفظ فراہم کرے۔ وفاقی حکومت نے اگر ایمرجنسی کے ذریعے صوبے کی صورت حال بہتر بنانے کی ذمہ داری اپنے کندھوں پر لی ہے تو اب اس کے نتائج بھی سامنے آنے چاہئیں۔ حکومت کو واضح کرنا ہوگا کہ اس اقدام کے تحت کون سے انتظامی اختیارات استعمال کیے جائیں گے، دہشت گردی کے خلاف کون سے نئے اقدامات ہوں گے، پولیس اور سول انتظامیہ کو کس طرح مضبوط بنایا جائے گا اور عوام کو روزمرہ زندگی میں تحفظ کا احساس کیسے دلایا جائے گا۔

پاکستان میں ایک بڑا مسئلہ یہ بھی ہے کہ جب دہشت گردی بڑھتی ہے تو بحث کا مرکز یہ بن جاتا ہے کہ اس کا ذمہ دار کون ہے۔ وفاق سوبائی حکومت کو موردِ الزام ٹھہراتا ہے، صوبائی حکومت وفاق کی پالیسیوں پر سوال اٹھاتی ہے اور اس سیاسی کشمکش میں متاثرہ خاندانوں کی آواز دب جاتی ہے۔ دہشت گردی سے متاثرہ علاقوں میں رہنے والے شہریوں کو اس بحث سے غرض نہیں کہ کس جماعت کی سیاسی ساکھ بہتر ہے۔ انہیں اپنے بچوں کی سلامتی، کاروبار کے تحفظ، تعلیم کے تسلسل اور معمول کی زندگی کی بحالی کی فکر ہے۔ اسی طرح بے روزگاری کا خاتمہ بھی ایک بڑا دعویٰ ہے، جسے مکمل منصوبے کے بغیر پورا نہیں کیا جا سکتا۔ خیبر پختونخوا میں روزگار کے لیے سیاحت، زراعت، معدنی وسائل، چھوٹے کاروبار اور مقامی صنعتوں کو فروغ دیا جا سکتا ہے۔ لیکن سرمایہ کاری اسی وقت آئے گی جب امن و امان بہتر ہو، کاروباری افراد کو تحفظ ملے اور حکومتی پالیسیوں میں تسلسل ہو۔ اگر کوئی نوجوان تعلیم حاصل کرنے کے بعد ملازمت نہ پائے، کاروبار شروع کرنے کے لیے سرمایہ میسر نہ ہو اور اس کے علاقے میں مسلسل خوف کی فضا رہے تو محض سرکاری اعلانات اس کی مایوسی دور نہیں کر سکتے۔ صوبے کے نوجوانوں کو ہنرمندی، جدید تعلیم، کاروباری قرضوں اور نجی شعبے میں روزگار کے حقیقی مواقع فراہم کرنا ہوں گے۔ یہاں وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے لیے ایک مشترکہ راستہ موجود ہے۔ دہشت گردی کے خلاف انٹیلی جنس تعاون، پولیس کی استعداد میں اضافہ، مقامی انتظامیہ کی فعالیت، سرحدی سلامتی اور متاثرہ علاقوں کی معاشی بحالی کو ایک ہی حکمت عملی کا حصہ بنایا جائے۔ جہاں ضرورت ہو وہاں ترقیاتی منصوبوں کو سکیورٹی اقدامات سے منسلک کیا جائے۔ عوام کا اعتماد حاصل کرنے کے لیے سیاسی کارکنوں، قبائلی عمائدین، منتخب نمائندوں اور سول سوسائٹی کو بھی مشاورت میں شریک کیا جائے۔ اس پورے معاملے میں جمہوری اور آئینی تقاضوں کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

وزیراعظم شہباز شریف کا دہشت گردی اور بے روزگاری کے خاتمے کا عزم خوش آئند ہے۔ پاکستان کو اس وقت مزید سیاسی محاذ آرائی نہیں بلکہ ریاستی اداروں کے درمیان تعاون، معاشی بحالی اور عوامی اعتماد کی ضرورت ہے۔ اگر خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی واقعی ناگزیر تھی تو اسے محض ایک انتظامی یا سیاسی فیصلہ نہیں، عوام کی زندگی بدلنے کا امتحان سمجھا جانا چاہیے۔ اس امتحان میں کامیابی کا معیار کسی جماعت کی فتح یا شکست نہیں ہوگا۔ اصل کامیابی یہ ہوگی کہ دہشت گردی میں کمی آئے، نوجوانوں کو روزگار ملے، کاروبار بحال ہوں اور لوگ خوف کے بغیر زندگی گزار سکیں۔

خوشبو کی شہادت ۔۔۔ کلام: احمد وحید اختر مرحوم



میں تھکی تھکی سی کو ہر اور دیکھ رہا ہوں اسے قادرِ مطلق میں یہ کیا دیکھ رہا ہوں جو تھکے سے تماشبین ہر اہ روں کی ظاہر اس شخص کو دشمن میں گھرا دیکھ رہا ہوں اسے لوگوں وہ حیرت کی علامت ہے تہار یکیا ہو گیا تم کو میں یہ کیا دیکھ رہا ہوں محسن تھا وہ جس کس کا میں کیا نام مکاؤں کیا اس کو دیا ہم نے صلہ دیکھ رہا ہوں اسلام کے داعی ہو تو سکونِ نہ میسر ہو ہما گھر گھر میں یہ کیا دیکھ رہا ہوں ہر دور کی تاریخ انہیں سے ہے صابر منصوری میں آج اداد دیکھ رہا ہوں۔۔۔ احمد وحید اختر مرحوم کا شمار ان اہل قلم میں ہوتا ہے جنہوں نے ادب، قانون اور سیاست کے میدانوں میں اپنی صلاحیتوں کا اظہار کیا۔ ان کا تعلق تاریخی شہر کیمبل پور، موجودہ اٹک، سے تھا۔ وہ قانون دان ہونے کے ساتھ ساتھ شاعر اور سیاسی شخصیت بھی تھے اور پاکستان کے ایوانِ بالا کے ابتدائی ارکان میں شامل رہے۔ سیاسی جدوجہد کے دوران انہیں قید و بند کی صعوبتیں بھی برداشت کرنا پڑیں۔ ان کے ادبی تجربات، سیاسی مشاہدات اور اپنے عہد کے حالات نے ان کی فکر اور شاعری پر گہرے اثرات مرتب کیے۔ ذوالفقار علی بھٹو کی قید اور شہادت احمد وحید اختر کے لیے ایک گہرا صدمہ تھی۔ انہوں نے اس واقعے کو محض سیاست کے ایک باب کے طور پر نہیں دیکھا، بلکہ اس میں انسانی وقار کی قربانی، انصاف اور معاشرتی رویوں سے متعلق کئی سوالات محسوس کیے۔ اسی کیفیت کے زیرِ اثر انہوں نے بھٹو کی قید اور شہادت کے حوالے سے متعدد نظمیں لکھیں۔ زیرِ نظر نظم بھی انہی تخلیقات میں شامل ہے، جو مرتب کردہ کتاب "خوشبو کی شہادت" میں شائع ہوئی۔ اس کتاب میں احمد وحید اختر کے علاوہ دیگر شعرا کا کلام بھی شامل ہے۔ یہاں یہ نمونہ ایک اہم سیاسی و تاریخی واقعے کے بارے میں مختلف شعری احساسات اور ردِعمل کو محفوظ کرنے کی ادبی کوشش ہے۔ زیرِ نظر نظم کا آغاز ہی ایک گہرے دکھ اور حیرت سے ہوتا ہے: "میں نظر کی تھکی کو ہر اور دیکھ رہا ہوں"۔ یہ مصرع ایک ایسے شخص کی کیفیت کو بیان کرتا ہے جو اپنے ارد گرد ہونے والے واقعات پر یقین کرنے میں دشواری محسوس کر رہا ہو۔ شاعر کے لیے جو کچھ سامنے آ رہا ہے، وہ اس کی توقع یا فہم سے بالکل مختلف ہے۔ اسی لیے وہ بار بار دیکھنے، پھر دیکھنے کا ذکر کرتا ہے، جیسے وہ اپنی آنکھوں پر بھی پوری طرح بھروسا نہیں کر پا رہا۔ یہ کیفیت اس وقت اور گہری ہو جاتی ہے جب شاعر کہتا ہے کہ "محسن تھا وہ جس کس کا میں کیا نام مکاؤں"۔ یہاں محسن کا لفظ بہت معنی خیز ہے۔ یعنی مقتول کو محض ایک سیاسی مخالف کے طور پر نہیں، بلکہ ایک ایسے شخص کے طور پر یاد کیا جا رہا ہے جو کسی نہ کسی سطح پر دوسروں کے لیے سہارا یا وسیلہ رہا ہو۔ اس مصرع میں ایک ذاتی دکھ بھی شامل ہے، جو اس قتل کو صرف تاریخ کا واقعہ نہیں رہنے دیتا۔ نظم کے آخر میں شاعر کا یہ کہنا کہ "اسلام کے داعی ہو تو سکونِ نہ میسر ہو ہما گھر گھر میں یہ کیا دیکھ رہا ہوں" ایک تلخ طنز پیدا کرتا ہے۔ یہاں اسلام کا نام کسی نظریے کی تعریف کے لیے نہیں، بلکہ ایک سوال کے طور پر آیا ہے۔ شاعر یہ پوچھ رہا ہے کہ اگر اسلام کے داعی ہونے کا دعویٰ کرنے والے ہی سکون سے محروم ہیں، تو پھر اس نام کی عملی معنویت کیا رہ جاتی ہے۔ یہ سوال براہِ راست نہیں پوچھا گیا، مگر پوری نظم اسی کے گرد گھومتی ہے۔ صابر منصوری کی تاریخ کا حوالہ بھی اسی تسلسل کو ظاہر کرتا ہے۔ شاعر ماضی کی مثال دے کر یہ بتانا چاہتا ہے کہ ظلم اور ناانصافی کے سلسلے نئے نہیں، مگر ہر دور میں ان کے خلاف آواز اٹھانے والے بھی موجود رہے ہیں۔ یوں یہ نظم ایک فرد کے قتل سے آگے بڑھ کر تاریخ، ضمیر اور سچ کی تلاش کا استعارہ بن جاتی ہے۔



ٹیکس کا سوال اور ریاست پر اعتماد



صدا بصحرا

رفیع صحرائی

rafisehraee5586@gmail.com

یہ شکایت اپنی جگہ درست ہے، کیونکہ ٹیکس چوری کسی بھی ملک کی معیشت کو اندر سے کھوکھلا کر دیتی ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ہمیں ایک مشکل اور تلخ سوال بھی پوچھنا ہوگا کہ لوگ ٹیکس دینے سے کیوں گریز کرتے ہیں؟

اس کا ایک جواب اعتماد کا بحران ہے۔ جب ریاست عام شہری سے ایک ایک روپیہ وصول کرتی ہے مگر اسی رقم سے اشرافیہ کو مراعات، سہولتیں اور شہریوں کو بنیادی سہولتیں فراہم کرتی ہے۔ لیکن عام آدمی کو معمولی سہولیات سے بھی محروم رکھا جاتا ہے تو شہری کے اندر یہ احساس پیدا ہوتا ہے کہ نظام اس کے لیے نہیں بلکہ قطار ٹھکنے کے لیے بنایا گیا ہے۔ جب ایک نگوٹھ دار شخص کی آمدنی دستاویزی ہونے کی وجہ سے اس کی تنخواہ سے ٹیکس خود بخود کاٹ لیا جاتا ہے، لیکن بڑی بڑی جائیدادوں، کاروباروں اور صنعتی اداروں کے مالکان اپنی حقیقی آمدنی کے تناسب سے ٹیکس ادا نہ کریں تو یہ محض مالیاتی مسئلہ نہیں رہتا، یہ انصاف کا مسئلہ بن جاتا ہے۔

پاکستان میں سب سے زیادہ دباؤ اکثر اسی طبقے پر پڑتا ہے جو ٹیکس چوری نہیں کر سکتا۔ تنخواہ دار طبقہ اپنی آمدنی چھپا نہیں سکتا۔ اس کی تنخواہ چیک میں آتی ہے، ٹیکس کٹتا ہے اور باقی رقم اس کے ہاتھ میں پہنچتی ہے۔ پھر وہی شہری جب بازار جاتا ہے تو بالواسطہ ٹیکس ادا کرتا ہے۔ یوں وہ براہِ راست بھی ٹیکس دیتا ہے اور بالواسطہ بھی۔ اس کے مقابلے میں اگر بڑے صنعت کار، بعض بڑے ریٹیلرز، ہول سیلرز، رئیل اسٹیٹ کے بڑے کاروبار اور دیگر بااثر طبقات اپنی حقیقی معاشی حیثیت کے مطابق قومی خزانے میں حصہ نہ ڈالیں تو عام آدمی کے دل میں شکوہ پیدا ہونا بعید از قیاس نہیں۔

یہاں یہ بات بھی سمجھنے کی ضرورت ہے کہ ٹیکس صرف حکومت کی آمدنی نہیں، عوام کا اجتماعی سرمایہ ہے۔ اسی پیسے سے ہسپتال بنتے ہیں، اسکول چلتے ہیں، سڑکیں تعمیر ہوتی ہیں، امن و امان قائم کیا جاتا ہے، دفاع مضبوط ہوتا ہے اور ریاست اپنے شہریوں کو بنیادی سہولتیں فراہم کرتی ہے۔ لیکن اگر شہری یہ سمجھنے لگے کہ اس کی محنت کی کمائی کا بڑا حصہ حکمرانوں کے پروٹوکول، غیر ضروری سرکاری اخراجات، مراعات اور شاہانہ طرزِ زندگی پر خرچ ہو رہا ہے تو ٹیکس دینے کا جذبہ کمزور ہونا فطری ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حکومت کو ٹیکس چوری کے خلاف مہم چلانے سے پہلے اعتماد کی بحالی کی مہم چلانی چاہیے۔

ریاست اگر چاہتی ہے کہ شہری خوش دلی سے ٹیکس دیں تو اسے بھی عوام کے سامنے اپنے اخراجات کا حساب دینا ہو چاہیے۔ حکمران طبقے کو اپنے لیے وہی احتیاط شعاری اختیار کرنا ہوگی جس کا مطالبہ وہ عام آدمی سے کرتا ہے۔ جب عوام سے قربانی مانگی جائے تو حکمرانوں کو بھی قربانی کی مثال قائم کرنا چاہیے۔

سب سے بڑھ کر قانون کے دوہرے معیار کا خاتمہ ضروری ہے۔ اگر ایک غریب آدمی ایک معمولی جرم پر قانون کی سخت گرفت میں آتا ہے تو قومی خزانے کو اربوں روپے کا نقصان پہنچانے والا شخص بھی محض اثر و رسوخ یا قانونی موشگافیوں کے ذریعے بچ نہیں جانا چاہیے۔ احتساب ایسا ہو جس میں مذہب کے لیے الگ قانون ہو اور نہ امیر کے لیے الگ۔ ٹیکس اصلاحات کا دوسرا اہم پہلو ٹیکس نیٹ کو وسیع کرنا ہے۔ حکومت کو ہر مرتبہ انہی لوگوں پر مزید ٹیکس نہیں لگانا چاہیے جو پہلے ہی ٹیکس دے رہے ہیں۔ اصل ضرورت ان شعبوں اور افراد تک پہنچنے کی ہے جو معیشت میں بڑا حصہ رکھتے ہیں مگر ٹیکس کے دائرے سے باہر ہیں۔ جدید ٹیکنالوجی اس سلسلے میں انقلاب برپا کر سکتی ہے۔ ڈیجیٹل، جائیداد، گاڑیوں، کاروباری لین دین اور دیگر معاشی سرگرمیوں کے ڈیجیٹل ریکارڈ کو مربوط کر کے ایسے لوگوں کی نشاندہی کی جا سکتی ہے جو کاغذوں میں معمولی آمدنی ظاہر کرتے ہیں مگر عملی زندگی میں کروڑوں روپے کے اثاثوں کے مالک ہیں۔ مصنوعی ذہانت اور ڈیٹا اینالیٹکس کے ذریعے ٹیکس چوری کی نشاندہی زیادہ مؤثر انداز میں کی جا سکتی ہے، بشرطیکہ اس نظام میں شفافیت، قانونی تحفظ اور شہریوں کی رازداری کا خیال بھی رکھا جائے۔ لیکن صرف سختی کافی نہیں۔ ٹیکس چوری ختم کرنے کے لیے سزا کے ساتھ انصاف بھی ضروری ہے۔ ٹیکس نظام آسان، شفاف اور قابلِ فہم ہونا چاہیے۔ چھوٹے کاروباری کو ایسی پیچیدگیوں میں نہیں الجھانا چاہیے کہ وہ ٹیکس سے بچنے کے لیے ہی ماہرین کی خدمات لینے پر مجبور ہو جائے۔ اور سب سے اہم بات یہ کہ ٹیکس دینے والے شہری کو ریاست کی طرف سے عزت ملنی چاہیے۔ جس شہری نے اپنا فرض ادا کیا ہے اسے مسلسل شک کی نگاہ سے دیکھنے کے بجائے ریاست کو اس کا اعتماد بڑھانا چاہیے۔

پاکستان کو قرضوں کے مسلسل چکر سے نکلنا ہے تو ہمیں ٹیکس نظام کو محض خزانہ بھرنے کا ذریعہ نہیں بلکہ قومی معاشی معاہدہ بنانا ہوگا۔ ریاست کہے کہ ہم آپ سے ٹیکس لیں گے، مگر اس کے بدلے آپ کو بہتر صحت، معیاری تعلیم، انصاف، امن اور بنیادی سہولتیں فراہم کریں گے۔ شہری کہے کہ ہم ٹیکس دیں گے، مگر ہمیں یقین ہو کہ ہمارا پیسہ ضائع نہیں ہوگا۔ یہی وہ مقام ہے جہاں معیشت اور اخلاقیات ایک دوسرے سے مل جاتی ہیں۔ عوام سے ٹیکس مانگنے سے پہلے ریاست کو اعتماد کمانا ہوگا، کیونکہ جس ریاست پر شہری کا اعتماد نہ رہے وہاں ٹیکس کا قانون تو موجود رہتا ہے، مگر ٹیکس دینے کا جذبہ مر جاتا ہے۔ اور قومیں صرف قانون کی طاقت سے نہیں، انصاف اور اعتماد کی بنیاد پر اٹھنے بھرتی اور مستقبل تعمیر کرتی ہیں۔

پاپوسونگ میزائل فتح ٹو کا کامیاب تجربہ

پاک فوج نے پاپوسونگ سلسلک میزائل فتح ٹو الیکسٹیڈ ڈرینج کا کامیاب تجربہ کیا ہے۔ حالیہ امریکہ اور اسرائیل کی ایران جنگ نے عسکری صلاحیت کی جتنیں ہی تبدیل کر کے رکھ دی ہیں۔ امریکہ اور اسرائیل وقتے وقتے سے ایران کے دفاعی نظام کو نشانہ بنا کر دعویٰ کر رہے تھے کہ وہ ایران کی ہری اور بحری فوج ختم کر چکے ہیں مگر ایران نے اپنی میزائل صلاحیت کے منظم اور موثر استعمال کر کے میدان جنگ کا نقشہ ہی تبدیل کر دیا ہے اور ثابت کر دیا کہ جنگ صرف دفاع اور حملہ روکنے کی صلاحیت سے نہیں بلکہ دشمن کی حملہ کرنے کی صلاحیت کو کمزور کر کے بھی جیتی جا سکتی ہے۔ ایران کے میزائل سسٹم نے ناصرف اسرائیل کے دفاع سسٹم آئرن ڈوم کو بے بس کر دیا بلکہ امریکہ کے ٹھکانے میں لگ بھگ تمام عسکری اہداف کو چن چن کر نشانہ بنایا اور اپنے دشمن کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر دیا۔ اس تناظر میں دیکھا جائے تو افواج پاکستان کا فتح ٹو الیکسٹیڈ رینج کا کامیاب تجربہ پاکستان کی بدیہ حربی صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ فتح ٹو بدیہ نیویگیشن سسٹم کی وجہ سے دوران پرواز اپنی سمت تبدیل اور دشمن کے ریڈار کو نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ فتح ٹو کا کامیاب تجربہ اس بات کی دلیل ہے کہ افواج پاکستان دفاع وطن کو ناقابل تسخیر بنانے اور دفاعی صلاحیتوں کو بدیہ تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے سے غافل نہیں اور وقت پڑنے پر دشمن کے دانت کھٹے کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہیں۔

گراس روٹ سطح پر کھیلوں کا بے پناہ ٹیلنٹ موجود، راجہ اشتیاق

اسلام آباد (جاوین پی) پاکستان فٹ بال فیڈریشن کے رکن کاشف اور ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوسی ایشن راولپنڈی کے صدر راجہ اشتیاق نے کہا ہے کہ ملک میں کھیلوں کے لئے گراس روٹ سطح پر انفراسٹرکچر کی ضرورت ہے اور اس سلسلہ میں تعلیمی ادارے اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں گراس روٹ سطح پر کھیلوں کا بے پناہ ٹیلنٹ موجود ہے اور اس ٹیلنٹ کو ابھارنے کے لئے اقدامات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سلسلہ میں تعلیمی اداروں اپنا اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ فٹ بال کے کھیل کی ترقی کے حوالے سے ایک سوال کے جواب میں راجہ محمد اشتیاق نے کہا کہ پاکستان فٹ بال فیڈریشن ملک بھر میں تعلیمی سطح پر ڈسٹرکٹ فٹ بال ٹیلنٹ شپ ایک ساتھ منعقد کروانے کی تیاری کر رہی ہے۔

ایشین تھرو بال چیمپئن شپ کا آغاز 20 دسمبر سے ہوگا

اسلام آباد (جاوین پی) ایشین تھرو بال ایسوسی ایشن قطر و بال چیمپئن شپ 20 دسمبر سے بنگ دیش میں شروع ہوگی۔ پاکستان قطر و بال فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل مقبول آرائیں نے بتایا کہ چیمپئن شپ میں پاکستان سمیت ایشیائی ممالک کی مرد اور خواتین کی ٹیمیں حصہ لیں گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان قطر و بال فیڈریشن چیمپئن قطر و بال چیمپئن شپ منعقد کروانے کی منصوبہ بندی کر رہی ہے اور چیمپئن شپ کے دوران اچھی کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں کو قومی ٹیم میں شامل کیا جائے گا۔

عرفان پٹھان کو ارشد خان کے گھر گائے کا گوشت کھانے پر تنقید کا سامنا

دبئی (این این آئی) بھارتی کرکٹ ٹیم کے سابق فاسٹ بولر عرفان پٹھان کو افغان کرکٹر راشد خان کے گھر دعوت میں شرکت کی ویڈیو سوشل میڈیا پر شیئر کرنا مہنگا پڑ گیا۔ رپورٹس کے مطابق افغانی کھلاڑی راشد خان نے اپنی رہائش گاہ پر عرفان پٹھان اور ان کے بھائی یوسف پٹھان کی میزبانی کی، اس دعوت میں مہمانوں کی شیافت روایتی افغان کھانوں سے کی گئی۔ عرفان نے اپنی پوسٹ کے آخر میں راشد خان کو مخاطب کرتے ہوئے لکھا کہ میرے بھائی، میں ابھی تک اس کھانے کے بارے میں سوچ بچار میں مصروف ہوں۔ سابق بھارتی کرکٹر کی جانب سے شیئر کی گئی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد بھارتی صارفین نے کائے کا گوشت کھانے پر عرفان پٹھان کو آڑے ہاتھوں لے لیا اور تنقید شروع ہو گئی

پاکستان کی تینوں فارمیٹس میں نمائندگی میرا بڑا ہدف ہے، معروف کرکٹر



اسلام آباد (این این آئی) پاکستان انڈر 19 کے ابھرتے بیٹر سمیر منہاس نے کہا ہے کہ پاکستان کی تینوں فارمیٹس میں نمائندگی میرا بڑا ہدف ہے، ایشیا کپ انڈر 19 میں ہر اوور میں ایک باؤنڈری کا منصوبہ تھا، باؤنڈری کے بعد سٹرائیک بدل کر انکلز آگے بڑھاتا تھا، والد نے کرکٹ اکیڈمی میں داخل کرایا، جہاں سے سنجیدہ سفر شروع ہوا، ابتدا ایک بیٹر کے طور پر کی، یاسر شاہ کو فالو کرتا تھا، طویل کرکٹ کیریئر کے لیے فٹنگ اور متوازن خوراک ضروری ہیں، پاکستان انڈر 19 کے ابھرتے بیٹر سمیر منہاس نے پروگرام اسٹرپٹ ڈرائیو وود سلیمان بٹ میں شرکت کی اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اے سی سی انڈر 19 ایشیا کپ اور آئی سی سی انڈر 19 ورلڈ کپ میں پاکستان کی نمائندگی کی، میرا کرکٹ سفر بھائی کے ساتھ گلی میں کھیلنے سے شروع ہوا۔ انہوں نے کہا کہ والد نے کرکٹ اکیڈمی میں داخل کرایا، جہاں سے سنجیدہ سفر شروع ہوا۔ انہوں نے کہا کہ ابتدا ایک بیٹر کے طور پر کی، یاسر شاہ کو فالو کرتا تھا۔

ہاکی فیڈریشن نے نچلی سطح پر کھلاڑیوں کی تلاش شروع کر دی

صوبوں کو کوالیفائنگ ٹورنامنٹس 31 دسمبر تک مکمل کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان ہاکی فیڈریشن نے ملک میں ہاکی کی بحالی اور نچلی سطح پر کھلاڑیوں کی تلاش کے لیے تمام صوبائی اسپورٹس سیکرٹریز، علاقائی ایسوسی ایشنز اور انتظامی علاقوں (آزاد کشمیر، گلگت بلتستان، اور اسلام آباد) کے لیے اہم ہدایت نامہ جاری کر دیا ہے۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن کی جانب سے جاری ہدایت نامہ کے مطابق تمام صوبوں اور علاقوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے کوالیفائنگ ٹورنامنٹس 31 دسمبر تک ہر صورت مکمل کریں، جس کے بعد کوالیفائی کرنے والی ٹیمیں جنوری سے شروع ہونے والی قومی چیمپئن شپس میں شرکت کریں گی۔ پی ایچ ایف کے منصوبے کے تحت انڈر 15 اسکول چیمپئن شپ میں ہر صوبے سے 4 جبکہ علاقائی حکومتوں سے 2 ٹیمیں شرکت کریں گی۔ انڈر 18 چیمپئن شپ میں ہر صوبے سے 2 اور علاقائی حکومتوں سے ایک ٹیم شامل ہوگی۔ اسی طرح خواتین کی قومی چیمپئن شپ میں ہر صوبے سے 2 جبکہ علاقائی حکومتوں سے ایک ٹیم کو موقع دیا جائے گا جبکہ قومی مردانہ چیمپئن شپ میں منتخب صوبائی اور محکمہ جاتی ٹیمیں شریک ہوں گی۔



ورلڈ ٹیبل ٹینس لیگ، تائیوان کی کھلاڑی ریٹرن شارٹ کھیل رہی ہے

طویل کرکٹ کیریئر کے لئے متوازن خوراک ناگزیر، سمیر منہاس

پاکستان کی تینوں فارمیٹس میں نمائندگی میرا بڑا ہدف ہے، معروف کرکٹر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان انڈر 19 کے ابھرتے بیٹر سمیر منہاس نے کہا ہے کہ پاکستان کی تینوں فارمیٹس میں نمائندگی میرا بڑا ہدف ہے، ایشیا کپ انڈر 19 میں ہر اوور میں ایک باؤنڈری کا منصوبہ تھا، باؤنڈری کے بعد سٹرائیک بدل کر انکلز آگے بڑھاتا تھا، والد نے کرکٹ اکیڈمی میں داخل کرایا، جہاں سے سنجیدہ سفر شروع ہوا، ابتدا ایک بیٹر کے طور پر کی، یاسر شاہ کو فالو کرتا تھا، طویل کرکٹ کیریئر کے لیے فٹنگ اور متوازن خوراک ضروری ہیں، پاکستان انڈر 19 کے ابھرتے بیٹر سمیر منہاس نے پروگرام اسٹرپٹ ڈرائیو وود سلیمان بٹ میں شرکت کی اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اے سی سی انڈر 19 ایشیا کپ اور آئی سی سی انڈر 19 ورلڈ کپ میں پاکستان کی نمائندگی کی، میرا کرکٹ سفر بھائی کے ساتھ گلی میں کھیلنے سے شروع ہوا۔ انہوں نے کہا کہ والد نے کرکٹ اکیڈمی میں داخل کرایا، جہاں سے سنجیدہ سفر شروع ہوا۔ انہوں نے کہا کہ ابتدا ایک بیٹر کے طور پر کی، یاسر شاہ کو فالو کرتا تھا۔



میکسیکو میں باسکٹ بال ٹورنامنٹ کے دوران برازیل کا کھلاڑی گول کرنے کی کوشش کر رہا ہے

صاحبزادہ فرحان جیسا لیڈر حوصلہ افزا ہے، احمد شہزاد

فرحان کے ساتھ معاذ صداقت کی پیئرنگ مثبت پہلو ہے، قومی کرکٹر



کراچی (این این آئی) قومی ٹیم کے اوپنر بیٹر احمد شہزاد نے ٹی 20 میں صاحبزادہ فرحان کی کپتانی کی تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کہ صاحبزادہ فرحان جیسا لیڈر حوصلہ افزا ہے جو کارکردگی کے ذریعے قیادت کرتا ہے۔ قومی ٹیم کے اوپننگ بیٹے باز احمد شہزاد نے سری لنکا کے خلاف دوسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں پاکستان کی 82 رنز سے شاندار فتح کے بعد کی ٹوئٹ کپتان صاحبزادہ فرحان، معاذ صداقت اور عمران رضا حاد کی تعریف کی ہے۔ پاکستان نے تین میچوں کی سیریز میں 2-0 کی ناقابل شکست برتری حاصل کر لی ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے احمد شہزاد نے صاحبزادہ فرحان کی قیادت کو سراہا۔

میسی نے کیریئر میں ایک ارب ڈالرز سے زائد دولت کمائی

اسلام آباد (این این آئی) ارجنٹائن کے عالمی شہرت یافتہ فٹبالر لیونل میسی کے دو دہائیوں سے زائد عرصے پر محیط اپنے کیریئر کے دوران کمائی گئی دولت کی تفصیلات سامنے آ گئیں۔ 39 سالہ لیونل میسی نے 2005 میں ارجنٹائن کی جانب سے اپنا پہلا میچ کھیلا تھا، اپنے بین الاقوامی کیریئر کے دوران انہوں نے 207 میچز میں 125 گول کیے۔ فٹبال کی تاریخ کے عظیم ترین اور امیر ترین کھلاڑیوں میں شمار ہونے والے میسی نے اپنے شاندار کیریئر کے دوران 1 ارب ڈالرز سے زائد کی دولت کمائی۔ میسی نے 31 اگست 2026 کو ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا، ان کی قیادت میں ارجنٹائن نے 2021 کا کوپا امریکا، 2022 کا فیفا ورلڈ کپ اور 2024 کا کوپا امریکا اپنے نام کیا۔

ون ڈے ورلڈ کپ کے ٹکٹس کی ڈیمانڈ میں ریکارڈ اضافہ

لاہور (سپورٹس ڈیسک) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) ون ڈے ورلڈ کپ 2027 کے ٹکٹس کی ڈیمانڈ میں ریکارڈ اضافہ ہو گیا۔ آئی سی سی کے مطابق آئی سی سی ویلٹ رجسٹریشن میں اب تک 44 لاکھ افراد نے رجسٹریشن کرائی ہے، 12 دنوں میں 1 کروڑ 50 لاکھ 83 ہزار سے زائد ٹکٹس کی درخواستیں آ چکی ہیں۔ آئی سی سی ویلٹ میں 142 ملکوں سے درخواستیں آئی ہیں، شائقین کرکٹ 21 نومبر تک آئی سی سی ویلٹ میں رجسٹریشن کروا سکتے ہیں۔ واضح رہے کہ آئی سی سی ون ڈے ورلڈ کپ 2027 جنوبی افریقہ، زمبابوے اور نمیبیا میں کھیلا جائے گا۔

ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کا فائنل 9 جون سے کھیلا جائیگا

انگلینڈ کا تاریخی گراؤنڈ

بقیہ 1

کی وقت پر 30 لاکھ روپے مالی امداد دی جائے گی۔ علاوہ ازیں گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے پشاور کے علاقے دیر کالونی میں نجی اسکول کی عمارت گرنے سے بچوں اور اساتذہ کی شہادت کے واقعے پر ذمہ داروں کے خلاف کارروائی تیز کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ 15 روز میں ذمہ داری کا تعین کرکے مزید 17 کا مکمل آگے بڑھایا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ گرفتار اسکول مالک کے علاوہ واقعے میں ملوث دیگر افراد کے خلاف بھی کارروائی ہوگی۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے دیر کالونی المعروف بلیچ کر چاس بچ بچوں کے اہل خانہ سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر صوبائی مشیر اطلاعات شہر یار درون بلور اور پولیس حکام بھی ان کے ہمراہ تھے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فیصل کریم کنڈی نے اسکول سانحے کو انتہائی افسوسناک قرار دیا اور کہا کہ صوبے میں پہلے بھی کئی سانحات پیش آچکے ہیں، تاہم یہ ایک بڑا سانحہ ہے۔ جاں بحق بچوں کو واپس نہیں لایا جا سکتا، لیکن متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑے ہونا اور ذمہ داروں کو قانون کے کٹہرے میں لانا ضروری ہے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ واقعے میں جاں بحق ہونے والے ہر بچے کے لواحقین کو 10 لاکھ روپے جبکہ زخمیوں کو 3، 3 لاکھ روپے امداد دی جائے گی۔ گورنر نے کہا کہ دیر کالونی اسکول کا این او سی موجود ہے، اس لیے یہ تعین کیا جائے گا کہ اسکول کو اجازت نامہ جاری کرنے کے ذمہ دار کون تھے اور عمارت کے معائنے میں کس قسم کی غفلت تو نہیں برتی گئی۔ اسکولوں سے متعلق 2017 میں قانون بنایا گیا تھا، اس کے باوجود اگر قواعد کی خلاف ورزی ہوئی ہے تو ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ فیصل کریم کنڈی نے بتایا کہ سرکاری اور نجی اسکولوں کا آڈٹ کرایا جا رہا ہے۔ نجی اسکولوں کی انسپکشن رپورٹ پانچ روز میں جبکہ سرکاری اسکولوں کی رپورٹ 7 سے 10 روز میں تیار کی جائے گی۔

بقیہ 2

امن و استحکام کے لیے خطرات پیدا کر رہی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان گزشتہ سال مئی میں بھارتی جارحیت کا بھرپور جواب دے کر اپنی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع کی صلاحیت اور عزم کا مظاہرہ کر چکا ہے۔ بھارت کو گزشتہ سال کے واقعات سے سبق سیکھنا چاہیے اور پاکستان کے خلاف جارحانہ طرز عمل سے گریز کرنا چاہیے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان کسی بھی غیر ذمہ دارانہ مہم جوئی کا مقابلہ کرنے کے لیے پوری طرح تیار ہے۔ بھارت کو پاکستان کے خلاف بھی کارروائی ہوگی۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے دیر کالونی المعروف بلیچ کر چاس بچ بچوں کے اہل خانہ سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر صوبائی مشیر اطلاعات شہر یار درون بلور اور پولیس حکام بھی ان کے ہمراہ تھے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فیصل کریم کنڈی نے اسکول سانحے کو انتہائی افسوسناک قرار دیا اور کہا کہ صوبے میں پہلے بھی کئی سانحات پیش آچکے ہیں، تاہم یہ ایک بڑا سانحہ ہے۔ جاں بحق بچوں کو واپس نہیں لایا جا سکتا، لیکن متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑے ہونا اور ذمہ داروں کو قانون کے کٹہرے میں لانا ضروری ہے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ واقعے میں جاں بحق ہونے والے ہر بچے کے لواحقین کو 10 لاکھ روپے جبکہ زخمیوں کو 3، 3 لاکھ روپے امداد دی جائے گی۔ گورنر نے کہا کہ دیر کالونی اسکول کا این او سی موجود ہے، اس لیے یہ تعین کیا جائے گا کہ اسکول کو اجازت نامہ جاری کرنے کے ذمہ دار کون تھے اور عمارت کے معائنے میں کس قسم کی غفلت تو نہیں برتی گئی۔ اسکولوں سے متعلق 2017 میں قانون بنایا گیا تھا، اس کے باوجود اگر قواعد کی خلاف ورزی ہوئی ہے تو ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ فیصل کریم کنڈی نے بتایا کہ سرکاری اور نجی اسکولوں کا آڈٹ کرایا جا رہا ہے۔ نجی اسکولوں کی انسپکشن رپورٹ پانچ روز میں جبکہ سرکاری اسکولوں کی رپورٹ 7 سے 10 روز میں تیار کی جائے گی۔

بقیہ 3

نے سعودی عرب کے خلاف حوثی حملوں میں حالیہ اضافے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب ہمیشہ مشکل وقت میں ایک دوسرے کے شانہ بشانہ کھڑے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدہ اور مکہ مشترکہ دفاعی اتحاد دونوں ممالک کے درمیان برادرانہ تعلقات میں تاریخی سنگ میل کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان کے مطابق یہ معاہدے اور دفاعی تعاون علاقائی امن و سلامتی کے لیے پاکستان اور سعودی عرب کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتے ہیں۔ وزیراعظم نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری، سلامتی اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کے لیے مملکت کے ساتھ کھڑا رہے گا۔ شہباز شریف نے پاکستان کو طویل مدت سے فراہم کی جانے والی اقتصادی اور مالی معاونت پر سعودی قیادت کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے سعودی سفیر کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے یقین دلایا کہ پاکستان دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے لیے مکمل حمایت اور تعاون جاری رکھے گا۔ علاوہ ازیں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے 14 اکتوبر 2026 کو روس کے وزیر داخلہ ولادیمیر کولوکولتسیف سے ملاقات کی جس میں تجارت، سرمایہ کاری، توانائی اور سیکیورٹی کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون، اور شنگھائی تعاون تنظیم کے ذریعے کثیر الجہتی ہم آہنگی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس کے علاوہ ترجمان نے بریف کیا کہ اسحاق ڈار نے مالدیپ، مصر اور ترکی کے وزرائے خارجہ کے ساتھ ٹیلی فون پر رابطہ کیا اور عطیے میں کشیدگی کم کرنے، غزہ کی صورتحال اور اسلامی تعاون تنظیم کے آئندہ اجلاسوں کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا

بقیہ 4

کے ہمراہ تھے۔ وزارت خزانہ کے مطابق ملاقات میں پاکستان کے معاشی استحکام، اصلاحات اور بیرونی مالی معاونت سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر خزانہ نے جنوری میں پاکستان کی جانب سے 3 ارب امریکی ڈالر کے بجٹ سپورٹ کے اجرا اور مسلوک پاٹھ اہلاڈ اور دیگر مالیاتی ذرائع کے ذریعے مالی وسائل کے حصول میں متوقع پیشرفت پر بھی گفتگو ہوئی۔ وزیر خزانہ نے برآمدات پر مبنی ترقی، آئی ٹی برآمدات میں اضافے، پاکستانی مصنوعات کی عالمی منڈیوں میں مسابقت بہتر بنانے اور قرضوں کی پائیداری کی اہمیت پر زور دیا تاکہ خود مختار کریڈٹ ریٹنگ کے ڈبل ان ڈرپے کی جانب پیشرفت کی جا سکے۔ وزیر خزانہ نے ٹیکہاری، ہوائی اڈوں کے انتظام کو آؤٹ سورس کرنے، بونگ کے ساتھ شہزادہ خالد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود، وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود اور وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان بن عبداللہ آل سعود کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ انہوں نے سعودی عرب کے برادر عوام کے لیے بھی گرم جوش خیر سگالی اور نیک خواہشات کا پیغام دیا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے سعودی سفیر ڈاکٹر راضح تامی الظہاری کو پاکستان میں ذمہ داریاں سنبھالنے پر نیک خواہشات پیش کرتے ہوئے ان کے کامیاب دور سفارت کی امید ظاہر کی۔ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات، اسٹریٹجک شراکت داری اور مختلف شعبوں میں تعاون دونوں ممالک کے باہمی تعلقات کی اہم بنیاد ہیں۔

بقیہ 5

نے قوم کو قائد فخر ہونہار جیز بیٹن دی۔ یکجا مرحبہ زمرد اور مدارس کے بچے کو بھی حکومت کی تسہیم میں شامل کیا گیا ہے۔ بچوں کو مرکز کار، پنجاب کے تحت یونیورسٹی سے فارغ التحصیل بچوں کو 65,60 ہزار روپے ماہانہ کے انٹرن شپ دے رہے ہیں۔ سکول کالج اور یونیورسٹی سے فارغ التحصیل طلبہ کو ذمہ داریاں دینے کے لیے کثیر الجہتی کوشش کی جا رہی ہے۔ پنجاب بھر کے تعلیمی اداروں میں واش رومز، پینے کا پانی، آر ٹیفیشل انٹیلی جنس بنی رہی ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ بچوں کو A1 فون کیساتھ اعتماد اور طاقت دے رہے ہیں، 15 لاکھ بچوں کو دو سال میں سکل ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت ہنرمند بنایا۔ باہر جانے والے ہنرمند بچوں کو پرواز کا رڈ کے ذریعے ٹکٹ وغیرہ بھی مہیا کر رہے ہیں۔ پنجاب میں رانا سکندر نے نیا سپیس بنانے سمیت بہت کام کیا۔ 10,10 لوگوں کے انٹرویو کر کے پنجاب کی ہر یونیورسٹی میں میرٹ پر داخل چالسلر لگائے۔ سفارش چاہے گھر سے بھی آئے میں نہیں مانتی۔ شہروں کی یونیورسٹیوں صرف لاہور والوں کا حق نہیں، سمانیوال، اوکاڑہ اور پاکپتن کا بھی حق ہے۔ دنیا کی سب سے فاسٹ لوکاسٹ بائوسنگ سکیم بنانے پر یونین کی ٹیکنیکل سکروٹی آف آنر ایوارڈ حاصل کیا۔ 3 لاکھ ایکڑ اراضی بے زمین لوگوں کو کاشت کرنے کیلئے دے رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ مریضوں کو گھر کی دہلیز پر دوا دو ماہ کے لئے دوائی مل رہی ہے۔ اب کسی کو ضرورت ہو تو حکومت چل کر ان کے پاس جاتی ہے۔ مزدور جہاں کام کرتے ہیں وہی علاج ہو گا تاکہ ان کی دیہاڑی خراب نہ ہو۔ مریم کی دستک پروگرام کے تحت ہر ضرورتمند کو ٹیکسی وغیرہ کی سہولت دہلیز پر مل رہی ہے۔ یکجا ٹچ آن ویل سے 3 کروڑ لوگ مستفید ہو چکے ہیں۔ ہر ضلع میں واسا اور پی ایچ اے بن چکی ہے۔ کاشتکاروں کو ایک بلین کسان کارڈ اور 30 ہزار ٹریکٹر دے چکے ہیں۔ سولر پمپ لگانے کیلئے لائیو سٹاک کارڈ دے رہے ہیں۔ لیپ ٹاپ سکیم میں دوسرے صوبوں کا بھی کوٹہ رکھا ہے۔

بقیہ 6

کھڑکی کے حوالے سے اہم پیش رفت ہے۔ موسمیاتی خدمات، تحقیق اور عالمی تعاون کے فروغ کیلئے پاکستان کی کوششیں بہتر ہوں گی۔ ترجمان محکمہ موسمیات کے مطابق عالمی موسمیاتی تنظیم کے ساتھ پاکستان کے ادارہ جاتی اور تکنیکی تعاون کو مزید مستحکم کرنے میں مدد ملے گی۔

بقیہ 7

کا نوٹس بھی لے رہا ہے۔ اپنی صحت سے متعلق بات کرتے ہوئے نواز شریف نے بتایا کہ میری طبیعت ٹھیک ہے، اللہ کا شکر ہے۔

بقیہ 8

15 دسمبر 2026ء سے 15 جنوری 2027ء کے دوران کروانے پر رضامندی ظاہر کر دی تھی۔ الیکشن کمیشن کے مطابق اب صوبائی حکومت تجویز کردہ تاریخوں کو تبدیل کروانا چاہتی ہے۔

بقیہ 9

قت انہیں سابق فاٹا کے عوام کے حقوق کے لیے بیان دیتے کیوں یاد نہیں آیا؟ محسن نقوی نے زور دیا کہ سابق فاٹا کے عوام کے حقوق اور وسائل کا معاملہ سیاسی مفادات سے بالاتر ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا اس وقت سنگین سیکیورٹی چیلنجز کا سامنا کر رہا ہے۔ سیاسی رہنماؤں کو آگ بھڑکانے اور انتشار پھیلانے کے بجائے امن و امان کی بحالی اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ وفاقی وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا کو اس وقت سیاسی محاذ آرائی نہیں بلکہ امن، استحکام اور مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے۔

بقیہ 10

،جنہیں علامہ محمد اقبال اور ڈاکٹر روتھ فاؤ کی خدمات نے مزید تقویت بخشی ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے پاکستان کے لیے جرمنی کے مسلسل تعاون، بالخصوص ترقیاتی شعبوں، ماحولیاتی اقدامات، توانائی، انفارمیشن ٹیکنالوجی، صنعتی ترقی اور ویلیو ایڈڈ مینوفیکچرنگ کو جرمن سرمایہ کاری اور کاروباری شراکت داری کے اہم مواقع قرار دیا۔ عوامی روابط کے حوالے سے سید یوسف رضا گیلانی

بقیہ 11

1143 خلربان مفرور ہیں۔ وزارت داخلہ کے مطابق گاڑی چوری کے 70 مقدمات درج ہوئے، جن میں ناحرد 92 خلربان میں سے 39 گرفتار جبکہ 52 مفرور ہیں۔ تحریری جواب کے مطابق اسلام آباد میں رواں سال قتل کے 74 مقدمات درج ہوئے، جن میں ناحرد 192 خلربان میں سے 112 کو گرفتار کیا گیا، جبکہ 80 خلربان مفرور ہیں۔

بقیہ 12

قانون کردار ادا کرنے پر رضامند ہو جاتے تو بھوری نظام کی ضرورت ہی نہیں تھی، ابھی بھی پی پی آئی اپنا آئینی وقانونی کردار نبھانے کو تو سوچا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کا فوری طور پر خاتمہ قطع نہ کیا گیا، دہشتگردی ایک پالیسی نہ ہونے تک ملک کے وجود کو خطرہ ہے۔ بھارت اب پاکستان کے ساتھ روایتی جنگ نہیں لڑ سکتا، بھارت نے اپنے ٹھکانے افغانستان میں بنا لیے اور پیسے دے کر دہشتگردی کروا رہا ہے جبکہ پورا لطف پاکستان کو سکیورٹی پروبلم ایڈریس کے طور پر دیکھ رہا ہے۔ ہمیں خود افسوس ہے کہ بانی پی پی آئی کی بہنوں کو نظر بند کرنا بڑا دکھ تھا، ہم نے کہا تھا کہ وہ ٹانگ مارچ سے متعلق کیا گفتگو کیا کرتی تھیں، عمران خان کی بہنوں نے بیانات دیئے کہ گورنر ہاؤس پر چڑھائی کر دو، صورتحال کو کنٹرول کرنے کیلئے نظر بندی مجبوری تھی۔ وزیر اعظم کے مشیر نے کہا کہ سب کے علم میں ہے کہ پی پی آئی کا سوشل میڈیا مافیا کس قسم کی گفتگو کرتا رہا ہے۔

بقیہ 13

ملی سیاہوں نے پاکستان کا رخ کیا، جن میں سال 2024 میں 21 لاکھ سے زائد اور سال 2025 میں 22 لاکھ بین الاقوامی سیاح شامل تھے۔ رپورٹ کے مطابق سب سے زیادہ سیاح افغانستان سے آئے جن کی مجموعی تعداد 12 لاکھ 16 ہزار سے زائد رہی جبکہ برطانیہ سے 10 لاکھ 17 ہزار اور امریکہ سے 5 لاکھ سے زائد سیاحوں نے پاکستان کا سفر کیا۔ رپورٹ کے مطابق سال 2024 میں افغانستان سے 6 لاکھ 41 ہزار 199 اور 2025 میں 5 لاکھ 75 ہزار 674 سیاح آئے۔ اسی طرح برطانیہ سے 2024 میں 5 لاکھ 3 ہزار 409 اور 2025 میں 5 لاکھ 14 ہزار 412 سیاح پاکستان پہنچے۔ امریکی سیاحوں کی تعداد 2024 میں 2 لاکھ 61 ہزار 282 اور 2025 میں 2 لاکھ 48 ہزار 665 رہی، جبکہ ایران سے 2 سالوں میں کل 2 لاکھ 60 ہزار سیاح آئے جن میں 2024 کے 1 لاکھ 6 ہزار 835 اور 2025 کے 1 لاکھ 52 ہزار 885 افراد شامل تھے۔ کینیڈا سے گزشتہ 2 برس میں 2 لاکھ 34 ہزار سیاح آئے، جن میں 2024 میں 1 لاکھ 16 ہزار 529 اور 2025 میں 1 لاکھ 17 ہزار 600 سیاح شامل تھے، جبکہ چین سے 2024 میں 74 ہزار 93 اور 2025 میں 85 ہزار 575 سیاحوں نے پاکستان کا رخ کیا۔ اس کے علاوہ جرمنی سے 2024 میں 41 ہزار 389 اور 2025 میں 43 ہزار 97 سیاح پاکستان آئے، جبکہ آسٹریلیا سے 2024 میں 59 ہزار 154 اور 2025 میں 58 ہزار 578 سیاحوں کی آمد ریکارڈ کی گئی۔ دیگر ممالک میں ملائیشیا سے 2024 میں 14 ہزار 187 اور 2025 میں 11 ہزار 626 سیاح آئے، جبکہ تھائی لینڈ سے سال 2024 میں 6 ہزار 762 اور 2025 میں 5 ہزار 694 سیاحوں نے پاکستان کا رخ کیا۔ پاک سیاحت

بقیہ 14

اسٹوئی سے الحاق کو یقینی بنانے کے لیے تمام تیاریاں باہمی رابطے اور بروقت انداز میں مکمل کی جائیں۔

بقیہ 15

بچوں کے تحفظ کے لیے کیے جانے والے انتظامات پر تفصیلی سوالات اٹھائے تھے۔ بچوں کی حفاظت یقینی بنانے کے لیے مزید اقدامات اور حفاظتی انتظامات کو مزید بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 16

سے متاثرہ 12 اضلاع کو دہشتگردوں سے کلیئر کیا جائے گا، دہشتگردی پر کنٹرول کے بعد صوبے کا نظم و نسق صوبائی حکومت کے حوالے کیا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ صوبے کے لوگوں کی عمر دیموں کو دور کرنا اور ترقیاتی کام کرنے کا رواں میپ ہے، گورنر کے پی صوبائی حکومت کے اختیارات کا مکمل کنٹرول لے چکے ہیں، خیبر پختونخوا میں کسی قسم کی کوئی سیاسی مداخلت نظر نہیں آئے گی۔ طارق فضل چوہدری کا کہنا ہے کہ وفاقی حکومت کی اولین ترجیح دہشتگردی کا خاتمہ، امن کا قیام اور ترقی ہے، خیبر پختونخوا میں ایسے علاقے ہیں جہاں دہشتگردوں کی محفوظ پناہ گاہیں ہیں۔

بقیہ 17

جسٹس شہرام سرور چوہدری نے شہری شاہد اسلام کی درخواست پر ساکھ کے۔ درخواست گزار اپنے وکیل کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوا، جبکہ پنجاب حکومت کی جانب سے ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل خواجہ حسن عباس عدالت میں پیش ہوئے۔ دوران سماعت عدالت نے بستہ کے انتظام کو کسی باضابطہ ٹریفکیشن کے بغیر پیچیدہ کرنے پر ناراضی کا اظہار کیا۔ جسٹس شہرام سرور چوہدری نے استفسار کیا کہ نوٹیفکیشن کو کیسے چیلنج کر دیا گیا اور 885 افراد شامل تھے۔ کینیڈا سے گزشتہ 2 برس میں 2 لاکھ 34 ہزار سیاح آئے، جن میں 2024 میں 1 لاکھ 16 ہزار 529 اور 2025 میں 1 لاکھ 17 ہزار 600 سیاح شامل تھے، جبکہ چین سے 2024 میں 74 ہزار 93 اور 2025 میں 85 ہزار 575 سیاحوں نے پاکستان کا رخ کیا۔ اس کے علاوہ جرمنی سے 2024 میں 41 ہزار 389 اور 2025 میں 43 ہزار 97 سیاح پاکستان آئے، جبکہ آسٹریلیا سے 2024 میں 59 ہزار 154 اور 2025 میں 58 ہزار 578 سیاحوں کی آمد ریکارڈ کی گئی۔ دیگر ممالک میں ملائیشیا سے 2024 میں 14 ہزار 187 اور 2025 میں 11 ہزار 626 سیاح آئے، جبکہ تھائی لینڈ سے سال 2024 میں 6 ہزار 762 اور 2025 میں 5 ہزار 694 سیاحوں نے پاکستان کا رخ کیا۔ پاک سیاحت

بقیہ 18

دفاعی وزیر احد چیمہ نے ڈیلو بی جی کی نائب صدر اور کارپوریٹ سیکٹر بزنس ایڈوائزر کیرن سے ملاقات کی ہے۔ ملاقات میں پاکستان کی مدت سرمایہ کاری کے دوران ادارہ جاتی معاونت اور رابطہ کاری پر تبادلہ خیال کیا گیا،

بقیہ 19

چوہدری نے پیش کی۔ پارلیمانی کمیٹی انتخابی اصلاحات دونوں ایوانوں کے ممبران پر مشتمل ہوگی، پارلیمانی کمیٹی میں تمام سیاسی جماعتوں کی مناسب نمائندگی ہوگی، کمیٹی انتخابی اصلاحات پر اپنی تجاویز اور سفارشات تیار کرے گی۔ وقفہ سوالات کے دوران مشیات کی غیر قانونی اسمگلنگ سے متعلق اعداد و شمار قومی اسمبلی میں پیش کر دیے گئے، گزشتہ تین سال کے دوران اسلام آباد میں اسلام آباد پولیس نے 4277 خلربان گرفتار کیے۔ مشیات کے 4 ہزار مقدمات درج کیے گئے، اسلام آباد پولیس نے گزشتہ تین کے دوران 19 من چرس، 25 من ہیروئن 7 کلو افیون قبضے میں لی، گزشتہ تین سال میں 34 ہزار شراب کی بوتلیں قبضے میں لی گئیں۔ اسلام آباد پولیس نے 9 من آئس برآمد کی گئی۔ بعد ازاں قومی اسمبلی اجلاس پیر کی شام 5 بجے تک ملتوی کر دی گئی۔

بقیہ 20

اور جدید طبی آلات اسی وقت تعلیمی معنوں میں موثر ثابت ہوتے ہیں جب ڈاکٹرز اور نرسیں احساس ذمہ داری اور پیشہ ورانہ اخلاقیات کے ساتھ خدمات انجام دیں، اسی طرح تعلیمی اداروں کی کامیابی کے لیے اساتذہ کی ذمہ داری، تربیت اور کردار سازی بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے افسوس کا اظہار کیا کہ معاشرے میں تعلیم کا سلسلہ تو جاری ہے لیکن تربیت اور اخلاقی کردار سازی کا پہلو کمزور پڑتا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ رشوت، ملاوٹ اور حلال وحرام میں تمیز کا فقدان ہمارے معاشرتی اقدار کے زوال کی علامات ہیں، ہمیں گھروں، تعلیمی اداروں، مساجد اور دیگر فورمز کے ذریعے اخلاقی تربیت، تعلیم، برداشت اور عملی زندگی میں ایتھے کردار کو فروغ دینا ہوگا۔ انہوں نے قومی وسائل کے دیانت دارانہ اور مؤثر استعمال پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اگر ہر شخص قومی وسائل کی حفاظت اسی طرح کرے جس طرح وہ اپنی ذاتی دولت کی کرتا ہے تو پاکستان کے ترقیاتی نتائج کئی گنا بہتر ہو سکتے ہیں، قومی وسائل کے درست استعمال اور پائیداری کے خاتمے سے ملک کی ترقی کے عمل میں نمایاں بہتری لائی جا سکتی ہے۔ اجلاس کے دوران شرکا کے نے پاکستان کا سفر کیا۔ رپورٹ کے مطابق سال 2024 میں افغانستان سے 6 لاکھ 41 ہزار 199 اور 2025 میں 5 لاکھ 75 ہزار 674 سیاح آئے۔ اسی طرح برطانیہ سے 2024 میں 5 لاکھ 3 ہزار 409 اور 2025 میں 5 لاکھ 14 ہزار 412 سیاح پاکستان پہنچے۔ امریکی سیاحوں کی تعداد 2024 میں 2 لاکھ 61 ہزار 282 اور 2025 میں 2 لاکھ 48 ہزار 665 رہی، جبکہ ایران سے 2 سالوں میں کل 2 لاکھ 60 ہزار سیاح آئے جن میں 2024 کے 1 لاکھ 6 ہزار 835 اور 2025 کے 1 لاکھ 52 ہزار 885 افراد شامل تھے۔ کینیڈا سے گزشتہ 2 برس میں 2 لاکھ 34 ہزار سیاح آئے، جن میں 2024 میں 1 لاکھ 16 ہزار 529 اور 2025 میں 1 لاکھ 17 ہزار 600 سیاح شامل تھے، جبکہ چین سے 2024 میں 74 ہزار 93 اور 2025 میں 85 ہزار 575 سیاحوں نے پاکستان کا رخ کیا۔ اس کے علاوہ جرمنی سے 2024 میں 41 ہزار 389 اور 2025 میں 43 ہزار 97 سیاح پاکستان آئے، جبکہ آسٹریلیا سے 2024 میں 59 ہزار 154 اور 2025 میں 58 ہزار 578 سیاحوں کی آمد ریکارڈ کی گئی۔ دیگر ممالک میں ملائیشیا سے 2024 میں 14 ہزار 187 اور 2025 میں 11 ہزار 626 سیاح آئے، جبکہ تھائی لینڈ سے سال 2024 میں 6 ہزار 762 اور 2025 میں 5 ہزار 694 سیاحوں نے پاکستان کا رخ کیا۔ پاک سیاحت

بقیہ 21

یم کورٹ کی ہدایت کی روشنی میں مقدمے کا جلد فیصلہ کرے تاکہ ان کے معاشی مسائل کا خاتمہ ہو سکے اور وہ یکسوئی کے ساتھ اپنے فرائض انجام دے سکیں۔ اب تمام نظریں آزاد کشمیر ہائیکورٹ کے دو رکنی بنچ پر مرکوز ہیں جہاں اس اہم مقدمے کے حتمی فیصلے کا انتظار کیا جا رہا ہے

بقیہ 22

نظریب میں سی ڈی اے ملازمین کے جنرل سیکرٹری چوہدری محمد سلیمن، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری اسد محمود بھٹہ سرفراز ڈوگر، چوہدری واجد گجر، زاہد حسین بھلی، مرداد رخان نیازی، ساجد رشید سلطان بہادر بابر، رشید مجاہد، عبدالصبور، قاری عمر داز، راجہ شکیب الرحمان، اظہر حسین، شیخ ندیم، حاجی اور نگزیب، ملک حنیف، بنارس خان، صلاح الدین، مشتاق صابر، حاجی شہزاد امین گجر، ملک عرفان سمیت سی ڈی اے کے سینکڑوں ملازمین نے شرکت کی۔ نظریب سے خطاب کرتے ہوئے ملک اشرف اعوان و دیگر نے کہا کہ انھوں نے ڈی اے ملازمین کی فلاح و بہبود اور ان کے مسائل کے حل کے لیے خدمات سے متاثر ہو کر شمولیت کا فیصلہ کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ سی ڈی اے لیبر یونین کے ساتھ پندرہ سالہ رفاقت کے بعد وہ ایک نئے عزم کے ساتھ سی ڈی اے مزدور یونین کا حصہ بنے ہیں کیونکہ ہم سمجھتے ہیں کہ سی ڈی اے ملازمین کے مسائل کو تب تک ہم مکمل طور پر حل نہیں کر سکتے جب تک ہم ان کے ساتھ براہ راست نہ جڑے ہوں۔ ان شاء اللہ وہ آئندہ بھی چوہدری محمد سلیمن اور دیگر ساتھیوں کے ساتھ مل کر ملازمین کے حقوق کے تحفظ، جائز مطالبات کی منظوری اور ادارے میں کارکنوں کی فلاح و بہبود کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے۔ اس موقع پر سی ڈی اے مزدور یونین کے جنرل سیکرٹری چوہدری محمد سلیمن نے نئے شامل ہونے والے تمام ساتھیوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ ملک اشرف اعوان اور ان کے ساتھیوں کی شمولیت مزدور یونین کے لیے خوش آئند ہے اور اگلی شمولیت سی ڈی اے مزدور یونین مزید مضبوط ہو گی اور ملازمین کے مسائل کو موثر انداز میں اجاگر کرنے اور ان کے حل کے لیے جاری کوششوں کو مزید تقویت ملے گی۔ چوہدری محمد سلیمن نے کہا کہ سی ڈی اے مزدور یونین کے مقاصد میں ملازمین کے مفادات کو مقدم رکھنا ہے اور آئندہ بھی ان کے جائز مسائل کے حل کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ انھوں نے کہا کہ اپنے ساتھ دور میں سی ڈی اے ملازمین کو پلاٹ الاٹ کروانے سمیت مزید چار ہزار پلاٹوں کی منظوری حاصل کی جن کی قرعہ اندازی 30 اپریل 2011ء کو ہونا تھی لیکن بعض مزدور دشمن عناصر کی جانب سے عدالتی حکم امتناعی حاصل کیے جانے کے باعث یہ معاملہ تا حال زیر التوا ہے اور سی ڈی اے مزدور یونین اس معاملے پر قانونی اور آئینی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہے اور ملازمین کو ان کا حق دلوانے کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔ انھوں نے کہا کہ سی ڈی اے ملازمین کی بیٹیوں کے جہیز فنڈ میں اضافے کے لیے بھی اقدامات کیے گئے ہیں اور یونین کی کوششوں سے اس رقم کو دو لاکھ روپے سے بڑھا کر چھ لاکھ روپے کروایا گیا ہے اور اس حوالے سے نوٹیفکیشن جلد جاری ہوگا۔ چوہدری محمد سلیمن نے وزیر اعظم پیکیج کے تحت بھرتیوں کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ متاثرہ ملازمین کے حقوق کے تحفظ کے لیے قانونی جدوجہد جاری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت کی جانب سے وزیر اعظم پیکیج ختم کیے جانے کے خلاف سپریم کورٹ میں نظر ثانی کی درخواست دائر کی گئی ہے جس کا مقصد متاثرہ ملازمین کو ان کے حقوق دلوانا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ سی ڈی اے مزدور یونین

بقیہ 23

کا مظاہرہ کیا۔ انجمن ہیومن ٹرافکنگ سرکل راولپنڈی نے 668 مقدمات درج کیے، 70 ویزا ایجنٹس کو گرفتار کیا اور 20 کروڑ 45 لاکھ روپے کی ریکوری کی۔ انجمن ہیومن ٹریفکنگ سرکل اسلام آباد نے 875 مقدمات درج کرتے ہوئے 120 خلربان کو گرفتار کیا اور 41 کروڑ 10 لاکھ 50 ہزار روپے برآمد کیے۔ ترجمان ایف آئی اے اسلام آباد زون نے کہا کہ شہریوں کو بیرون ملک ملازمت اور سفر کے نام پر لوٹنے والے متاثرہ سے بچانے اور انسانی سمگلنگ کے مکمل خاتمے کے لیے زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت اقدامات جاری رہیں گے۔ حکام نے عوام الناس کو سخت ہدایت کی ہے کہ وہ بیرون ملک روزگار یا سفر کے لیے کسی بھی ایجنٹ سے لین دین کرنے سے قبل اس کی قانونی حیثیت کی مکمل تصدیق کریں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی یا فراڈ کی صورت میں فوری طور پر ایف آئی اے سے رابطہ کریں۔

بقیہ 24

راولپنڈی بنچ کے جج جسٹس احسن رضا کامی نے فیصلہ سنا دیا، راولپنڈی۔ پی ایم ڈی سی انتظامیہ کو فوری سوالیہ پیپر زایب پر جاری کرنے کا حکم دیا گیا۔ اسسٹنٹ اٹارنی جنرل ملک منیر ارشد نے وفاق کی نمائندگی کی۔ موقف پیش کیا، طلبہ ریحان شاہد اور اتیبہ طاہر نے پیش ہو کر دلائل دیئے۔ طلبہ کے وکیل نے کہا کہ ہمارے پیپرز پاس رکھنا امیدواروں کا آئینی حق ہے واپس کیے جائیں۔ پی ایم ڈی سی کا یہ اقدام غیر آئینی غیر قانونی اور غیر اخلاقی بھی ہے۔ جسٹس احسن رضا کامی نے کہا کہ آج ہی فیصلہ پر محمدر آمد کیا جائے۔ پی ایم ڈی سی سوالیہ پیپرز امیدواروں کو دے کر واپس نہیں لے سکتی۔

بقیہ 25

ارشاد کا جسد خاکی رات گئے ان کے آبائی علاقے پہنچا تو اہل علاقہ نے اپنے بہادر سپوت کو عقیدت و احترام کے ساتھ خوش آمدید کہا۔ شہید کی نماز جنازہ میں لوگوں کی بڑی تعداد نے شرکت کرکے وطن عزیز کے دفاع کے لیے اپنی جان کا نذرانہ پیش کرنے والے اس بہادر سپوت کو خراج عقیدت پیش کیا۔ نماز جنازہ کے موقع پر ہر آنکھ اشکبار تھی، شہر کا نے شہید کی قربانی کو ملک وقوم کے لیے باعث فخر قرار دیا۔ اس موقع پر پاک فوج کے چاق و چوبند دستے نے شہید کو فوجی اعزاز کے ساتھ سلامی پیش کی اور وطن عزیز کے دفاع کے لیے ان کی بے مثال قربانی کو خراج تحسین پیش کیا۔ بعد ازاں شہید کو پورے فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کر دیا گیا۔ شرکا نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وطن عزیز کی سلامتی، خودمختاری اور دفاع کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا کی قربانیاں کبھی فراموش

ایڈہاک ایکٹ 2026ء سے متعلق کیسز کا جلد فیصلہ کیا جائے، سپریم کورٹ کی ہائیکورٹ کو ہدایت

سپریم کورٹ نے ایڈہاک ایکٹ 2026ء سے متعلق مقدمہ ہائیکورٹ بھجوادیا، ملازمین کو مقدمے کے حتمی فیصلے کا انتظار

اہم پیش رفت سے طویل عرصے سے معاشی، ذہنی مشکلات کا شکار ایڈہاک ملازمین میں مستقبل کے تعاقب کی امید پیدا

اسلام آباد (صباح نیوز) آزاد جموں وکشمیر سپریم کورٹ نے ایڈہاک ایکٹ 2026ء سے متعلق مقدمہ ہائیکورٹ کو بھجواتے ہوئے دو ہفتے کی سماعت کی ہدایت کی ہے کہ کیس کا بلاتاخیر جلد فیصلہ کیا جائے۔ سپریم کورٹ کی اس اہم پیش رفت سے طویل عرصے سے معاشی اور ذہنی مشکلات کا شکار ایڈہاک ملازمین میں انصاف اور مستقبل کے تعاقب کی امید پیدا ہوئی ہے۔ ایڈہاک ایکٹ 2026ء کے تحت مختلف سرکاری محکموں میں تعینات ملازمین کی مستقلی کا معاملہ عرصہ دراز سے زیر بحث ہے۔ فیصلے میں تاخیر کی وجہ سے ملازمین کو شدید مالی دباؤ، روزمرہ الراجات اور بچوں کی تعلیمی فیسوں کی ادائیگی میں سخت دشواریوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ تمام تر بے یقینی کے باوجود مختلف سرکاری اداروں میں تعینات یہ ملازمین اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے ادا کر رہے ہیں۔ ملازمین کا مطالبہ ہے کہ ہائی کورٹ کا دو ہفتے پیچ سپر (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)



ثمر ہارون بلور جی سکول کی بچگ کا دورہ کر رہی ہیں

سپاہی چوہدری مبشر ارشاد شہید پورے فوجی اعزاز کیساتھ سپرد خاک

شہید کی نماز جنازہ ان کے آبائی گاؤں بھاگھور گجراں میں ادا کی گئی

معززین علاقہ، عزیز و اقارب، دوست احباب اور اہل علاقہ کی کی شرکت

گوجرخان (سٹی رپورٹر) گوجرخان سے سرحدوں کی حفاظت کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے گوجرخان کے بہادر سپوت سپاہی چوہدری مبشر ارشاد شہید کو پورے فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کر دیا گیا۔ شہید کی نماز جنازہ ان کے آبائی گاؤں بھاگھور گجراں میں ادا کی گئی جس میں سیاسی و سماجی شخصیات، معززین علاقہ، عزیز و اقارب، دوست احباب اور اہل علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر فضا پاکستان زندہ باد اور شہید کی عظیم قربانی کو خراج عقیدت پیش کرنے والے نعروں سے گونج اٹھی جبکہ پاک فوج کے چاق و چوبند دستے نے شہید کو سلامی پیش کی۔ سپاہی چوہدری مبشر ارشاد کا تعلق گوجرخان کے نواحی علاقے یونین کونسل بھمڈار کے گاں بھاگھور گجراں سے تھا۔ وہ پاک افغان سرحد پر دوران ڈیوٹی وطن عزیز کی حفاظت کرتے ہوئے دشمن کا بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے شہادت کے عظیم مرتبے پر فائز ہوئے۔ شہید چوہدری مبشر (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

ثمر ہارون بلور جی سکول کی بچگ کا دورہ کر رہی ہیں

راولپنڈی، ایم ڈی کیٹ امتحانات کے سوالیہ پیپر زامیدواروں سے واپس لینے کا اقدام غیر قانونی قرار

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) لاہور ہائی کورٹ نے ایم ڈی کیٹ امتحانات کے سوالیہ پیپرز امیدواروں سے واپس لینے کا اقدام غیر قانونی قرار دے دیا۔ عدالت عالیہ نے تمام امتحانات کے سوالیہ پیپرز فوری ایپ پر اپ لوڈ کرنے کا حکم دیا، سوالیہ پیپرز امیدواروں سے بدستور حل بعد واپس لینے کا اقدام غیر قانونی قرار دیا گیا۔ لاہور ہائی کورٹ راولپنڈی بینچ نے اس اقدام کیخلاف طلبہ کی درخواستیں منظور کر لیں۔ ہائی کورٹ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)



پنجاب یونیورسٹی کے زیر اہتمام تین روزہ کتاب میلے کے دوسرے روز طالبات کتب خریداری کر رہی ہیں

غیر متعدی امراض میں مبتلا افراد کو غیر صحت بخش غذاؤں کیخلاف پناہ کی آگاہی مہم

CUST میں سیشن، نوجوانوں پر صحت مند غذائی انتخاب کے فروغ کیلئے فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز کی حمایت کرنے پر زور

فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز لازمی قرار دینے سے پیک معلومات کی شناخت کرنے میں مدد مل سکتی ہے، ثناء اللہ محسن

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان نیشنل ہارٹ ایسوسی ایشن (پناہ) نے نوجوانوں میں آگاہی پیدا کرنے کی اپنی ایک ملک گیر مہم کا جاری رکھتے ہوئے کنزیومر انٹرنیشنل ایجوکیشن (CUST) میں ایک آگاہی سیشن کا انعقاد کیا، جس کا مقصد طلباء کو الٹرا پروسیسڈ معلومات (UPPs) کے مضر صحت اثرات اور غیر متعدی امراض (NCDs) کی روک تھام میں فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز (FOPWL) کی اہمیت سے آگاہ کرنا تھا۔ اس سیشن میں طلباء، اساتذہ اور نوجوان نمائندوں نے شرکت کی اور پاکستان میں ذیابیطس، بلند فشار خون، موٹاپے اور غیر صحت بخش غذاؤں سے منسلک دیگر امراض میں تشویش ناک اضافے پر تشویش کا اظہار کیا۔ شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے پناہ کے سیکرٹری جنرل حافظ ثناء اللہ محسن نے غیر صحت بخش غذائی عادات اور الٹرا پروسیسڈ معلومات کے کثرت (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

ہائیکورٹ کو رزراج ایمرجنسی نفاذ کیخلاف درخواستیں 20 اکتوبر کو سماعت کیلئے مقرر

گورنر راج اور ایمرجنسی کے خلاف بیرسٹر گوہر خان اور سلمان خان ایڈووکیٹ نے الگ الگ درخواستیں دائر کر رکھی ہیں

ایمرجنسی، گورنرراج کو کالعدم اور غیر قانونی قرار، درخواست کے حتمی فیصلے تک اعلامیے کو بھی معطل کیا جائے، استدعا

پشاور (نمائندہ خصوصی رپورٹر) پشاور ہائیکورٹ نے خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے خلاف دائر درخواستیں 20 اکتوبر کو سماعت کیلئے مقرر کر دیں۔ درخواستیں بیرسٹر گوہر خان اور سلمان خان ایڈووکیٹ نے الگ الگ دائر کی ہیں۔ درخواستوں میں وفاقی و صوبائی حکومت اور دیگر حکام کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواستوں میں فیڈریشن آف پاکستان، صدر، وزیراعظم، گورنر کے پی اور دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواستوں میں کہا گیا ہے کہ ڈنگڈوی کو بنیاد بنا کر منتخب صوبائی حکومت کیخلاف کارروائی استیازی سلوک ہے، بلوچستان میں ڈنگڈوی اور پانی تنصابات کے باوجود گورنر راج نافذ نہیں کیا گیا، ڈنگڈوی کو جواز بنا کر کے پی میں پی ٹی آئی حکومت کے اختیارات ختم کرنے کی کوشش کی گئی۔ درخواستوں میں یہ موقف بھی اختیار کیا گیا ہے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)



لاہور، سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی اور دیگر کیک کاٹ رہے ہیں

بیت المقدس میں کولمبیا کا سفارتخانہ، پاکستان سمیت 19 اسلامی ممالک کا احتجاج

پاکستان، مصر، فلسطین، ترکیہ، جبوتی، لبنان، لیبیا، یمن، قطر، اردن، سعودیہ، کویت، الجزائر، عمان، شام، سوڈان کی مذمت

مشرقی بیت المقدس کو دارالحکومت بنا کر آزاد و خودمختار فلسطینی ریاست کے قیام کے حق کی حمایت کا اعادہ

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان سمیت 19 اسلامی ممالک کے وزرائے خارجہ نے کولمبیا کی جانب سے مقبوضہ بیت المقدس میں اپنا سفارت خانہ کھولنے کے اقدام کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے مسترد کر دیا ہے اور کولمبیا کی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس فیصلے پر نظرثانی کرتے ہوئے اسے واپس لے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان کی جانب سے جاری مشترکہ بیان کے مطابق پاکستان، مصر، فلسطین، ترکیہ، جبوتی، لبنان، لیبیا، یمن، قطر، اردن، سوماليہ، ملائیشیا، انڈونیشیا، سعودی عرب، کویت، الجزائر، عمان، شام اور سوڈان کے وزرائے خارجہ نے کولمبیا کے اس اقدام پر سخت تشویش کا اظہار کیا ہے۔ مشترکہ بیان میں کہا گیا ہے کہ کولمبیا کی جانب سے بیت المقدس میں سفارت خانہ کھولنے کا اقدام اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے منافی ہے اور دو ریاستی حل کی بنیاد پر منصفانہ اور (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)



لاہور، چیف ایگزیکٹو آفیسر اوقاف ڈاکٹر احسانہ بھٹہ کا زیر تربیت افسران کے ساتھ گروپ فوٹو



پاکستان نیشنل ہارٹ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام CUST میں آگاہی سیشن کے شرکا کا گروپ فوٹو

ملک اشرف اعوان درجنوں ساتھیوں مزدور یونین میں شامل

مسائل کے حل کے لیے چوہدری محمد یٰسین کے ساتھ مل کر جدوجہد جاری رکھنے کا عزم

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) سی پی اے ایفی پارلیمنٹ لاجز ایریا سیکٹر کے زیر اہتمام ایک پروقار انتظامیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں سی ڈی اے لیبر یونین کے رہنما ملک اشرف اعوان نے چوہدری واجد گورایہ، جہانگیر کیانی، صفدر نقوی اور ساجد رشید کی کاوشوں سے اپنے درجنوں ساتھیوں سمیت سی ڈی اے مزدور یونین (چوہدری محمد یٰسین گروپ) میں شمولیت کا اعلان کر دیا۔ سی ڈی اے مزدور یونین میں شامل ہونے والوں میں رفعان حیدر چنار، ب نواز آفاق، ملک فیاض نعمان شہزاد خان، ملک احمد یار خان، ملک عالم گل خان، چوہدری مہتر مفیع، ملک رضوان، صابی ذوالفقار صدیقی، محمد جمیل سمیت دیگر ساتھی شامل ہیں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

غیر قانونی ویزا ایجنٹس کیخلاف کریک ڈاؤن

4 ماہ میں 190 ملزمان گرفتار، 16 کروڑ روپے سے زائد رقم برآمد

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) ایف آئی اے اسلام آباد زون نے غیر قانونی ویزا ایجنٹس اور شہریوں سے فراڈ کرنے والوں کے خلاف شفاف سخت ہوئے گزشتہ 4 ماہ میں 190، 1,543 مقدمات درج کر کے 190 ملزمان کو سلاخوں کے پیچھے پہنچایا اور متاثر شہریوں کے 61 کروڑ 55 کروڑ 50 ہزار روپے کی خطیر رقم برآمد کی ہے۔ ڈائریکٹر ایف آئی اے اسلام آباد زون کی زیر نگرانی غیر قانونی ویزا ایجنٹس، انسانی سمگلنگ اور شہریوں کو دھوکہ دہی کا نشانہ بنانے والے عناصر کے خلاف شفاف کارروائیاں تیز کر دی گئی ہیں۔ ایف آئی اے کے مطابق اسلام آباد اور راولپنڈی کے ایئرپورٹ ٹرمینل سرگرمے نے گزشتہ چار ماہ کے دوران شاہد کارکردگی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی تھانہ مورگاہ، چکری اور چونترہ میں کھلی کچہریاں، شہریوں کے مسائل سنے

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) سی پی او حسن مشتاق سکھیرا نے تھانہ مورگاہ، چکری اور چونترہ میں کھلی کچہریوں کے دوران شہریوں کے مسائل سنے اور موقع پر احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی تھانہ مورگاہ، چکری اور چونترہ میں کھلی کچہری کا انعقاد، ڈی پی او، ایس پی ہیڈ کوارٹرز اور ایس ڈی پی اوز بھی موجود تھے، سی پی او نے کھلی کچہری میں آنے والے شہریوں کے مسائل (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

غیر ملکی شہریوں کو لوٹنے والا سائبر فراڈ نیٹ ورک پکڑا گیا، 3 ملزم گرفتار

غیر ملکی قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار بن کر شہریوں کو ڈراتے تھے، ترجمان

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) راولپنڈی سرکل نے کارروائی کرتے ہوئے غیر ملکی شہریوں کو لوٹنے والا سائبر فراڈ نیٹ ورک پکڑ لیا۔ ترجمان کے مطابق راولپنڈی کی بیگی ہاؤسنگ سوسائٹی میں چھاپہ مار کر سائبر مالیاتی فراڈ میں ملوث خاتون سمیت 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان نے بتایا کہ ملزمان بینک نسائنہ کالز اور غیر ملکی قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار بن کر شہریوں کو ڈراتے تھے اور متاثرین کو طرفرہ کر کے دھوکہ دہی سے رقم بٹورتے تھے۔ این سی سی آئی اے کے مطابق کارروائی کے دوران موبائل فون قبضے میں لے لیے گئے جبکہ ملزمان کے دیگر (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

راولپنڈی، دوہرے قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار

اشتہاری نے فائرنگ کر کے خاتون سمیت دو شہریوں کو قتل کر دیا تھا

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) جاتی پولیس نے دوہرے قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق جاتی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے دوہرے قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کر لیا۔ اشتہاری نے سابقہ رنجش پر ساتھی کے ہمراہ فائرنگ کر کے خاتون سمیت دو شہریوں کو قتل کر دیا تھا۔ اشتہاری اگست 2014ء سے پولیس کو مطلوب تھا۔ جاتی پولیس نے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلی جنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کر لیا۔ ایس پی صدر اعظم خیر نے کہا کہ اشتہاری کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔



ساحبہ پشاور میں جاں بحق بچی کا غمزدہ والد تصویر دکھا رہا ہے

راولپنڈی، 6 ملزمان گرفتار، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

کارروائیاں تھانہ وارث خان، نیو ٹاؤن اور ایئرپورٹ کے علاقوں میں کی گئیں

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) راولپنڈی پولیس نے 6 ملزمان گرفتار کر کے شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 6 ملزمان کو گرفتار کر کے 30 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ وارث خان، نیو ٹاؤن اور ایئرپورٹ کے علاقوں میں کی گئیں۔ ڈی جی ایس ایچ نے بتایا کہ ملزمان گرفتار کر کے شراب اور اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔ راولپنڈی پولیس نے 6 ملزمان گرفتار کر کے شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

منشیات سپلائر گلفراز کو 9 سال قید، 1 لاکھ روپے جرمانے کی سزا

منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی موثر پیروی کے باعث جرم ثابت ہونے پر منشیات سپلائر گلفراز کو 9 سال قید اور 1 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنا دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالت نے منشیات سپلائر کو سزا سنا دی، جرم گلفراز کو 9 سال قید اور 1 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، جرم سے 1 کلو 580 گرام چرس برآمد ہونے پر تھانہ روات پولیس نے اپریل 2025ء میں گرفتار کیا تھا، ٹھوس شواہد اور مقدمہ کی موثر پیروی کے بعد معزز عدالت نے جرم کو قرار واقعی سزا سنائی۔ منشیات کے ناسور کے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)



کوئٹہ، سردی کی آمد کے ساتھ ہی کوئلے کا بھرا ٹرک فروخت کے لیے لے جایا جا رہا ہے

سرکاری سکولوں کے یونیٹیلیٹی بلز اور نان سیلری بجٹ کا ریکارڈ طلب

سی ای اوز ایجوکیشن کو 20 اکتوبر تک ریکارڈ فراہم کرنے کی ہدایت

لاہور (خصوصی رپورٹر) محکمہ پبلک انسٹرکشن پنجاب نے سب ہیڈ کے سرکاری سکولوں کے یونیٹیلیٹی بلز اور نان سیلری بجٹ کی تفصیلات طلب کر لیں، اس حوالے سے تمام اضلاع کے چیف ایجوکیشن آفیسرز (سی ای اوز) ایجوکیشن کو مراسلہ جاری کر دیا گیا ہے۔ مراسلے کے مطابق جولائی، اگست اور ستمبر 2026ء کے دوران بجلی، سوئی گیس، پانی اور دیگر یونیٹیلیٹی بلز کی ادائیگیوں کا شکل ریکارڈ فراہم کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ محکمہ نے مالی سال 2026-27ء کی پہلی سہ ماہی کے نان سیلری بجٹ کی تفصیلات بھی طلب کی ہیں جبکہ تمام سکولوں کا ماہر ای ایم آئی ایس کو اور ملازمہ یونیٹیلیٹی بلز کی تفصیلات مرتب کر کے ارسال کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ مراسلے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

پنجاب میں ڈرائیونگ لائسنس کے اجراء میں ریکارڈ 34 فیصد اضافہ

گزشتہ 2 ہفتوں میں 3 لاکھ 4 2 ہزار سے زائد ڈرائیونگ لائسنس جاری

لاہور (خصوصی رپورٹر) ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر کے احکامات پر صوبہ بھر میں ڈرائیونگ لائسنس کا اجراء جاری ہے۔ ڈرائیونگ لائسنس کے اجراء میں ریکارڈ 34 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ ترجمان کے مطابق پنجاب میں گزشتہ 2 ہفتوں میں 3 لاکھ 24 ہزار سے زائد ڈرائیونگ لائسنس جاری کیے گئے۔ لاہور ٹریفک پولیس نے 60 ہزار سے زائد ڈرائیونگ لائسنس جاری کیے، صوبہ بھر میں 1 لاکھ 49 ہزار سے زائد شہریوں نے لرننگ لائسنس بنوائے۔ 75 ہزار سے زائد شہریوں نے ریگولر ڈرائیونگ لائسنس بنوائے۔ 1 لاکھ سے زائد شہریوں نے لرننگ، ریگولر اور انٹرنیشنل ڈرائیونگ لائسنس کی تجدید کروائی۔ ایک ہزار سے زائد شہریوں نے عم (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)



اسلام آباد: فوٹو جرنلسٹ آصف فاروقی میڈیا ایلمی لینس ایوارڈ وصول کر رہے ہیں

عالمی برادری کشمیر پر سلامتی کونسل کی قراردادوں پر عملدرآمد یقینی بنائے، نائب امراء مہاجرین

مقبوضہ جموں کشمیر کی آزادی ہر کشمیری کا خواب، تحریک آزادی کے شہداء قوم کے ہیروز ہیں، نائب امراء مہاجرین ورکنگ کمیٹی

مہاجرین 1989ء کی آبادکاری، چھ فیصد تعلیمی و ملازمتی کوٹے کی بحالی اور مؤثر سیاسی نمائندگی کا مطالبہ

مظفر آباد/بیاض، کوٹلی رمیر پور (نمائندگان) مہاجرین ورکنگ کمیٹی کے نائب امراء راجہ عارف خان، محمد لطیف لون، چوہدری نگہان اور ریاض جرال نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مقبوضہ جموں کشمیر کی بھارت سے آزادی ہر کشمیری کا خواب ہے اور تحریک آزادی میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء پوری قوم کے ہیروز ہیں۔ کشمیری عوام اپنے بنیادی حق خود ارادیت اور سیاسی مستقبل کا آزادانہ فیصلہ کرنے کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں۔ مالی، ادارہ جاتی اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل متعدد کشمیر کے متصادل اور اپنی متعلقہ قراردادوں پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے مؤثر کردار ادا کریں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار مشترکہ بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ مسئلہ کشمیر محض ایک علاقائی تنازع نہیں بلکہ لاکھوں کشمیری عوام کے سیاسی مستقبل، بنیادی حقوق اور حق خود ارادیت سے وابستہ ایک اہم بین (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

ٹراما آگاہی ہفتہ، محفوظ ڈرائیونگ کو معاشرتی رویہ بنایا جائے

ٹریفک قوانین پر عمل کر کے 70 فیصد حادثات سے بچا جا سکتا ہے، ڈاکٹر صابر مسین

پیر محمد شاہ، ٹراما سینٹر میں روزانہ ساڑھے 550 سے زائد مریض لائے جاتے ہیں

کراچی (خصوصی رپورٹر) شہید محترمہ بینظیر بھٹو انٹرنیشنل ایئرپورٹ کراچی میں ٹراما آگاہی ہفتہ 2026ء کے دوسرے روز منعقدہ تقریبات میں ماہرین نے حادثات کی روک تھام، محفوظ ڈرائیونگ اور عوامی شعور اجاگر کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ مقررین نے کہا کہ انسانی جان قیمتی ہے اور اسے غیر ضروری خطرات سے محفوظ رکھنا ہر فرد، ادارے اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ تقریب کے دوران ☒☒ ہم اپنے معاشرے میں چوٹوں اور حادثات سے کیسے بچاؤ کر سکتے ہیں؟ ☒☒ کے موضوع پر بین الادارہ جاتی مباحثہ بھی ہوا۔ اس موقع پر ادارے کے ڈائریکٹر ڈاکٹر سامر یمین نے کہا کہ سڑک پر معمولی سی جلد بازی، غیر محتاط ڈرائیونگ، ہیلمٹ اور سیٹ بیلٹ کا استعمال نہ کرنا اور ٹریفک قوانین کو نظر انداز کرنا کئی فرد اور اس کے خاندان کی زندگی بدل کے رکھ دیتا ہے۔ ٹراما آگاہی ہفتے کے ذریعے عوام میں شعور اجاگر کرنا ایک اہم معاشرتی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)



گورنر کے پی کے یمیل کریم کنڈی ملک سعد شہید کے درجات بلندی کی دعا کر رہے ہیں

سعودی عرب کے دفاع کیلئے پاکستان کا عزم غیر متزلزل ہے، سردار مسعود

سعودی عرب اور حوثیوں کے درمیان کشیدگی کی جڑیں یمن کی خانہ جنگی سے جڑی ہیں، سابق صدر آزاد کشمیر

امریکہ کے نمائندے اور حوثی عمان میں ملاقات کر سکتے ہیں تو سعودی عرب اور حوثیوں کے درمیان بھی سفارتی رابطے ممکن ہونے چاہئیں

اسلام آباد (خبر نگار) امریکہ، چین اور اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر اور آزاد جموں وکشمیر کے سابق صدر سردار مسعود خان نے کہا ہے کہ سعودی عرب کے دفاع کے لیے پاکستان کا عزم غیر متزلزل ہے، تاہم مطلے میں کشیدگی کو مزید بڑھنے سے روکنے کے لیے ایران اور حوثیوں کے ساتھ سفارتی رابطے جاری رکھنا ناگزیر ہے۔ ایک ٹی وی انٹرویو میں سردار مسعود خان نے کہا کہ سعودی عرب اور حوثیوں کے درمیان موجودہ کشیدگی کی جڑیں یمن کی خانہ جنگی میں پیوست ہیں، جو 2014-15ء میں شروع ہوئی تھی۔ ان کے مطابق یمن بدستور مختلف متحارب قوتوں میں منقسم ہے، جن میں حوثی اور سعودی عرب کی حمایت یافتہ صدارتی قیادت کونسل شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ، اسرائیل اور ایران کے درمیان وسیع تر تنازع نے مطلے کی سوتی کی صورت حال کو مزید پیچیدہ بنا دیا ہے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

وفاقی وزیر داخلہ کی جانب سے فراہم کردہ جدید بلٹ پروف گاڑیاں بنوں پولیس لائن پہنچ گئیں

پشاور (خصوصی رپورٹر) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی جانب سے فراہم کردہ جدید بلٹ پروف گاڑیاں بنوں پولیس لائن پہنچ گئیں جن کا مقصد دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں کے دوران پولیس اہلکاروں کو بہتر تحفظ فراہم کرنا اور فورس کی آپریشنل صلاحیتوں میں اضافہ کرنا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق جدید بلٹ پروف گاڑیوں کی فراہمی سے بنوں پولیس کی استعداد کار میں اضافہ ہوگا اور سکیورٹی اہلکاروں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

گورنر راج اور ایمرجنسی کے خلاف اپوزیشن جماعتوں کا مشترکہ جدوجہد کا اعلان

آئین کی بالادستی، پارلیمنٹ کی خودمختاری اور شفاف انتخابات کے انعقاد کا مطالبہ

بانی پی ٹی آئی کو معاہدے پر مجبور کیا جا رہا ہے، محمود اچکزئی، راجہ ناصر عباس

پشاور (خصوصی رپورٹر) خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے خلاف اپوزیشن جماعتوں نے مشترکہ جدوجہد کا اعلان کرتے ہوئے آئین کی بالادستی، پارلیمنٹ کی خودمختاری اور شفاف انتخابات کے انعقاد کا مطالبہ کر دیا۔ پریس کانفرنس سے خطاب میں قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے تمام اپوزیشن جماعتوں سے رابطوں اور آل پارٹیز کانفرنس بلانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ اسمبلیاں چھوڑنے کا آپشن بھی موجود ہے، تاہم ہم پارلیمان اور آئینی جدوجہد پر یقین رکھتے ہیں اور مذاکرات کے لیے بھی تیار ہیں۔ دوسری جانب گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے خلاف اپوزیشن جماعتوں کی جانب سے دائر درخواستوں پر سماعت 20 اکتوبر کو ہوگی۔ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)



وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ پنجاب بلال یاسین ڈیم کا جائزہ لے رہے ہیں

وفاقی وزیر داخلہ کی جانب سے فراہم کردہ جدید بلٹ پروف گاڑیاں بنوں پولیس لائن پہنچ گئیں

پشاور (خصوصی رپورٹر) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی جانب سے فراہم کردہ جدید بلٹ پروف گاڑیاں بنوں پولیس لائن پہنچ گئیں جن کا مقصد دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں کے دوران پولیس اہلکاروں کو بہتر تحفظ فراہم کرنا اور فورس کی آپریشنل صلاحیتوں میں اضافہ کرنا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق جدید بلٹ پروف گاڑیوں کی فراہمی سے بنوں پولیس کی استعداد کار میں اضافہ ہوگا اور سکیورٹی اہلکاروں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی تھانہ مورگاہ، چکری اور چونترہ میں کھلی کچہریاں، شہریوں کے مسائل سنے

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) سی پی او حسن مشتاق سکھیرا نے تھانہ مورگاہ، چکری اور چونترہ میں کھلی کچہریوں کے دوران شہریوں کے مسائل سنے اور موقع پر احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی تھانہ مورگاہ، چکری اور چونترہ میں کھلی کچہری کا انعقاد، ڈی پی او، ایس پی ہیڈ کوارٹرز اور ایس ڈی پی اوز بھی موجود تھے، سی پی او نے کھلی کچہری میں آنے والے شہریوں کے مسائل (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

ڈی آر ٹی پشاور کیلئے مزید 27 نئی بسیں پہنچ گئیں

منصوبے کیلئے خریدی گئی تمام نئی بسوں کی ترسیل مکمل

بسوں کی نقل و حمل سے متعلق گردش کرنیوالی ویڈیوز اور دعوں کو گمراہ کن قرار دیا

پشاور (خصوصی رپورٹر) ڈی آر ٹی پشاور کیلئے خریدی گئی مزید 27 نئی بسیں پشاور پہنچ گئیں، جس کے بعد منصوبے کیلئے خریدی گئی تمام 52 نئی بسوں کی ترسیل مکمل ہوگئی۔ ڈی آر ٹی پشاور کے مطابق گزشتہ ماہ 25 نئی بسیں پشاور پہنچائی گئی تھیں، جبکہ مزید 27 بسوں کی آمد کے ساتھ تمام نئی بسیں پشاور پہنچ گئی ہیں۔ حکام کے مطابق نئی بسوں کی شمولیت کے بعد ڈی آر ٹی پشاور کے بسوں کے بڑے بیڑے میں مجموعی تعداد 296 ہوگئی ہے، بسوں کی تعداد میں اضافے سے مسافروں کو بہتر سفری سہولیات فراہم کرنے اور موجودہ سروس کو مزید موثر بنانے میں مدد ملے گی۔ ڈی آر ٹی پشاور نے بسوں کی آمد سے ڈی آر ٹی کے سٹے روٹس شروع کرنے میں بھی سہولت ملے گی، جس سے مسافروں کی بڑھتی ہوئی سفری ضروریات پوری کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ دوسری جانب ڈی آر ٹی پشاور نے سوشل میڈیا پر بسوں کی نقل و حمل سے متعلق گردش کرنے والی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

لاہور، سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی اور دیگر کیک کاٹ رہے ہیں

پشاور ہائیکورٹ، گورنر راج، ایمرجنسی نفاذ کیخلاف درخواستیں 20 اکتوبر کو سماعت کیلئے مقرر

گورنر راج اور ایمرجنسی کے خلاف بیرسٹر گوہر خان اور سلمان خان ایڈووکیٹ نے الگ الگ درخواستیں دائر کر رکھی ہیں

ایمرجنسی، گورنرراج کو کالعدم اور غیر قانونی قرار، درخواست کے حتمی فیصلے تک اعلامیے کو بھی معطل کیا جائے، استدعا

پشاور (خصوصی رپورٹر) پشاور ہائیکورٹ نے خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے خلاف دائر درخواستیں 20 اکتوبر کو سماعت کیلئے مقرر کر دیں۔ درخواستیں بیرسٹر گوہر خان اور سلمان خان ایڈووکیٹ نے الگ الگ دائر کی ہیں۔ درخواستوں میں وفاقی و صوبائی حکومت اور دیگر حکام کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواستوں میں فیڈریشن آف پاکستان، صدر، وزیراعظم، گورنر کے پی اور دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواستوں میں کہا گیا ہے کہ ڈنگڈوی کو بنیاد بنا کر منتخب صوبائی حکومت کیخلاف کارروائی استیازی سلوک ہے، بلوچستان میں ڈنگڈوی اور پانی تنصابات کے باوجود گورنر راج نافذ نہیں کیا گیا، ڈنگڈوی کو جواز بنا کر کے پی میں پی ٹی آئی حکومت کے اختیارات ختم کرنے کی کوشش کی گئی۔ درخواستوں میں یہ موقف بھی اختیار کیا گیا ہے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ پنجاب بلال یاسین ڈیم کا جائزہ لے رہے ہیں

سعودی عرب کے دفاع کیلئے پاکستان کا